بلورین کٹہرے ہر طرف سنگ فرش
کہ جس سے منور ہے رنگ فرش

تصویر عمارت و باغ



گئی اوسکے عالم پہ جسدم نگاہ
اور آئی نظر اسمین اک بارگاہ

کہین دیکھا اوسنے کتنے ہی ہوشمند
پری کو کیا ہوگا قفسے مین بند

پسینے ہوئے بادلون سے درخت
زمین و ہوا صاحب تاج و تخت

لب نہر صاف جو غور کی
تو ٹپری تھی وہ ایک بلور کی

مقرض پڑا اسمین مقیش جو
گڑا وان تنک سے پڑے ہو

غرض اپنی صورت سے تارونکو توڑ
زمین کو فلک کا بنایا تھا جوڑ

فقط چاندنی مین کہان
کہ طرہ نہ چھپتا ہے اور یہ

گل و غنچہ زرین و تاج و خروس
زمین چمن سب جبین عروس

کھڑا ایک منگیرہ زرنگار
کہ تھے جسکی جھالر پہ موتی نثار

کھنچی ڈوری اکطرف زرتار کی
لڑی جون کناری کے ہون ہار کی

مغرق بچھی مسند اک جگمگی
کہ تھی چاندنی جسکے قدمون لگی

بلورین صراحی و جام بلور
دل و دیدہ وقف تماشائے نور

چمن سارے داؤدیون سے بھرے
جوانان شبو کے ہر جا پرے

اگر کیجے سایہ ادہر نگاہ
تو ہو وہ بھی جون سایۂ مہر و ماہ

کرون کونسے حسن کو انتخاب
اگر آئینے مین وہی ماہتاب

نکل ہی وحدت سے کثرت مین آ
وہی نور ہو جلوہ گر جا بجا

طرح اسکی ہر دلکی مانوس تھی
کہ گویا وہ شیشے کی فانوس تھی

ہر اک سمت وان نور کا ازدحام
لگے آئینے قد آدم تمام

علی الخصوص وہ چوپڑ کی پاکیزہ نہر
پڑے چشمۂ ماہ سے جسمین لہر

ترٹرا اسمین فوارے چھٹتے ہوئے
ہوا نیچ موتی سے لٹتے ہوئے

نئے گود مقیش چھوٹے بڑے
ہر اک جا ستارے اوڑا دین بکھر

ہوئے وہ جگنو سے تمکین بہم
ملین جلوہ مہ کو زیر قدم

زمانہ زرافشان ہوا زرفشان
زمین سے لگا تا سما زرفشان

خرامان زری پوش ہر مہ وش
کرین دیکھکر مہر و مہ جنکو غش

جڑاؤ دو استادے الماس کے
ڈھلے ایک سانچے کے اک راس کے

کہون کیا مین جھالر کی اسکی پھبن
کہ سورج کے ہو گرد جیسے کرن

نہ جھولے سماتے تھے تکیہ دہرے
کہ تھے وہ فقط حسن ہی سے بھرے

زمین نور کی آسمان نور کا
جدہر دیکھو ادہر سمان نور کا

ستارونکا مہتاب مین جال یون
کہ جو نیکا پانی مین قطرے ہون جون

کرے ہے نگہ جسطرف کو گذر
بجز نور آتا نہین کچھ نظر

نظر جسطرف جائے نزدیک و دور
اوسی ایک سے کا ہے ہر جا ظہور

نئے رنگ سے ہر طرف ماہتاب
وہی ایک نکتہ کہ جسکی کتاب

حقیقت کی لیکن بصارت بھی ہو
کہ دیکھے نہ اوسکے سوا غیر کو

داستان تعریف بدر منیر اور عاشق ہونا بے نظیر کا

گلابی کو لا سامنے ساقیا
مہ چاردہ کو دکھا کر بلا

کرون اوس مکان کے مکین کا بیان
کہ ہے بعد خاتم نگین کا بیان

برس پندرہ ایک کا سن و سال
نہایت حسین اور صاحب جمال

خواصین کھڑین ادہر اودہر تمام
ستارونکا جون ماہ پر ازدحام

ادہر آسمان پر درخشندہ مہ
اودہر یہ زمین پر مہ چاردہ

نظر آئے اتنے جو اکبار چاند
زبانین کے منہ کو لگے چار چاند

کرون اوسکی پشواز کا کیا بیان
فقط اک پشواز آب روان

اور اک اوڑھنی جون ہوا کا حباب
جسے دیکھ شبنم کو آوے حجاب

کہ دیکھے سے جسکے ہو دلکو سرور
نظر کام کر جائے نزدیک و دور

وہ مسند جو تھی موج دریائے حسن
وہان تھی اک مسند آرائے حسن

دیے کہنی تکیہ پہ اک ناز سے
سر نہر بیٹھی تھی انداز سے

وہ بیٹھی تھی یہ دہج بنائے ہوئے
دل اوس چاندنی پر لگائے ہوئے

پڑا عکس دونون کا جو نہر مین
لگے لوٹنے چاند ہر لہر مین

عجب لہر کا حسن تھا جا نظر
کہ مہ روبرو جیسے تھا تھال پر

برس موتیونکی تھی سنجاف گل
کہے تو وہ بیٹھی تھی موتی مین تل

صباحت صفا اسمین جھلکی ہوئی
پڑی سر کاندہے پہ ڈھلکی ہوئی

گریباں تھا تکمہ اک الماس کا
ستارہ سا مہتاب کے پاس کا

وہ کرتی وہ انگیا جواہر نگار
نیا باغ اور ابتدا کی بہار

جھلک پاجامہ کی دامن سے یوں
کہ روشن ہو فانوس میں شمع جوں

صفائی یہ پوشاک کی دیکھیو
نظر سوچ میں ہے کہ میلی نہ ہو

وہ ترکیب اور چاند سا وہ بدن
وہ بازو یہ ڈھلکے ہوئے نور تن

جڑاؤ وہ بانے کہ ہاے کا رنگ
وہ موتی کے مالے کہ عاشق کا اشک

وہ آنکھوں کی مستی وہ مژگاں کی نوک
کرنپھول کی اوسکی بانکی جھوک

وہ موتی کا دولڑا وہ موتی کا ہار
سدا اشک غمدیدہ جس پر نثار

لگا دھکدھکی کا طلا ست لڑا
سراسر لگا حسن اوسکے پڑا

جڑاؤ دکھتی وہ چینا کلی
رہے جس سے الماس کو بیکلی

تنا اوسکے موتی نے گرد گل
کہ جوں شبنم آلودہ ہو برگ گل

جہانگیر کا کروں کیا بیان
کہ اوٹھتی تھی ہاتھوں سے جسکی فغان

جواہر سے پنے کی ہیکل جڑی
کمر اور کولے کے نیچے پڑی

فقط موتیوں کی پڑی پازیب
کہ جسکے قدم سے گری پازیب

کسی کے کہاں ہاتھ وہ پانوں آگے
جواہر جہاں پانو پڑتے چاہئے

سراپا اگر ہو زبان میرا تن
سراپا میں اوسکے کروں کیا سخن

سب اعضا بدن کے موافق درست
ہر اک کام میں نے حیا اک خصیت

جہاں راستی چاہئے راستی
کجی جسجگہ چاہیے واں کجی

وہ مکھڑا جسے دیکھ مہ داغ کھائے
وہ نقشہ کہ تصویر کو حیرت آئے

جو کچھ چاہئے پھبن تنک سے انگ
نزاکت بھرا سیوتی کا سا رنگ

کچھ اک تمکنت اور کچھ اک بانکپن
غرض کس طرح میں ادا کی کہیں

کرشمہ ادا غمزہ ہر آن میں
غرض دلبری اوسکے فرمان میں

تغافل حیا ناز و غمزہ غرور
ہر اک اپنے موقع پہ وقت ضرور

تبسم تکلم ترحم ستم
موافق ہر اک حوصلے کے کرم

وہ ابرو کہ محراب لیوے جو حسن
جھکی شاخ نخل گلستان حسن

نگہ آفت و چشم عین بلا
مژہ دیں صفوں کو الٹ پر بلا

در گوش جب اوسکا تابندہ ہو
جہت کا دل صاف شرمندہ ہو

وہ بینی کہ جسکی نہیں کچھ نظیر
ہے انگشت قدرت کی سیدھی لکیر

وہ رخسار نازک کہ ہو جائے لال
اگر اوس نے سینہ کا گزرے خیال

نہیں ربط پالیس کا یاں کچھ حساب
بیاض گلو اوسکے سب انتخاب

وہ ساعد وہ بازو وہ گول گول
کہ بہتر ہو الماس کے جیبہ کا دل

وہ دست حنا بستہ خوبی کا باب
شفق میں ہو جوں پنجہ آفتاب

زبس مثل آئینہ تھا اوسکا تن
کہے تو کہ تھی ناف عکس ذقن

کمر کو کہوں کیونکہ ہیں اوسکی ہیچ
نہ آوے نظر تو ہے قسمت کا پیچ

وہ زانو کہ آجاے گر دیکھے ہاتھ
رہے عمر بھر ہاتھ زانو کے ساتھ

وہ ساق بلوریں وہ انداز پا
بھرے ہے سحر جسکے دامن سدا

قد و قامت آفت کا ٹکڑا تمام
قیامت کرے جسکو جھک کر سلام

وہ اٹکھیلیاں اور وہ اوس کی چال
کہ دل جس سے عالم کا ہو پائمال

بنا ایک کیسی ہی گو چال لائے
کہاں پر وہ رفتار کو اوسکی پائے

بھلا ایک چال اوسکی کیونکر چلے
یہ انداز سب اوسکے پانوں تلے

عجب لطف یا صاف انگشت پا
کف پا دکھا اور پشت پا

مغرق جواہر سے اک جفت کفش
نہ وہ مفت پا بلکہ پا مفت کفش

یہ قدرت کا دیکھا جو اوس نے جمال
کہا شاہزادے نے یا ذوالجلال

درختوں نے وہ دیکھا لہلہانا
کسی کی نظر جا پڑی ناگہاں

جو دیکھے تو ہے اک جوان حسین
درختوں کی ہے اوٹ میں مہ جبین

یہ چرچا جو پھیلا تو فاسر ہوا
ہر اک حال سے اوسکے ماہر ہوا

یہیں ایک سے ایک وان سب کے سب
پھرے ہیں برگ گل کی طرح غنچہ لب

جو دیکھیں تو شعلہ سا روشن ہے کچھ
درختوں کا روشن سا آنگن ہے کچھ

کسی نے کہا کچھ نہ کچھ ہے بلا
کسی نے کہا چاند ہے یاں چھپا

کسی نے کہا ہے پری یا کہ جن
کسی نے کہا ہے قیامت کا دن

لگی کہنے ماتھا کوئی اپنا کوٹ
ستارا پڑا ہو فلک سے ٹوٹ

ہوئی صبح شب کٹ گیا اور حجاب
درختوں میں نکلا ہو یہ آفتاب

کسی نے کہا دیکھیو اے بوا
کھڑا ہو کوئی صاف یہ مرد وا

کسی نے کہا یہ تو دلدار ہے
کسی نے کہا کچھ یہ اسرار ہے

یہ آپس میں باتیں جو ہونے لگیں
اشاروں سے کہتی تھیں جو جو نگیں

گئی بات یہ شاہزادے کے گوش
یہ سنتے ہی جاتا رہا اوسکا ہوش

کہا میں تو دیکھوں یہ کہکر اٹھی
گیا سنسنا جی تو گھبرا اٹھی

خواصوں کے کاندھے پہ رکھا اپنا ہاتھ
عجب اک ادا سے چلیں ساتھ ساتھ

کچھ آگے جو سرکے ہول کھاتی ہوئی
دھڑکا اپنے دل کی بتاتی ہوئی

لئی سمہ میں تھیں جو کچھ وہ پری زنیں
دعائیں وہ پڑھ پڑھ کے آگے بڑھیں

گئیں جب وہ کرکے دل اپنا کر سخت
دہاں جسجگہ تھے وہ باہم درخت

جو دیکھیں تو ہو اک جوان نازنیں
کھڑا ہو وہ آئینہ سا مہ جبیں

سرکنے کی وانسے نہ جاگہ نہ ٹھانو
دیئے حیرت عشق نے گاڑ پانو

برس پندرہ یا کہ سولہ کا سن
جوانی کی راتیں مرادوں کے دن

نئی پشت لب سے مسی کی نمود
جسے دیکھ نیلا ہو چرخ کبود

لگا ہیں پڑا نیمہ شبنم کا ایک
بدن سے عیاں نور عالم کا ایک

تمامی کی سنجاف جلوہ کناں
کہ جوں عکس مہ زیب آب رواں

طرحدار اک سر پہ پھینٹا سجا
تمامی کا پٹکا کمر سے بندھا

عجب پیچ پر پیچ بیٹھے تھے بل
کہ ہر پیچ پر پیچ کھاتا تھا دل

جواہر کا تکمہ گلے میں بندھا
ستارہ ہو جوں صبح کا جگمگا

وہ موتی کا لٹکن زمرد کی ہڑ
لٹک جسکی زینت دہ دیدۂ تر

وہ گورا بدن اور قبا زیب بر
بھریں ڈنڈ پر نور تن کی بہار

اک الماس کی ہاتھ انگشتری
سراسر حنا دست و پا میں لگی

عیاں جسمیں دریا کی گات سے
نمو جوانی ہر اک بات سے

بدن آئینہ سا دمکتا ہوا
گل باغ خوبی مہکتا ہوا

اکڑ زلف کی اور کاکل کا بل
جوانی کی شب اور سماں محل

قیافے سے ظاہر سراپا شعور
جبیں پر برستا شجاعت کا نور

لئے عشق کی تیغ کھائے ہوئے
کھڑا دل کسی پر لگائے ہوئے

یہ عالم جو دیکھا تو غش کر گئیں
وہ جنبی کہ آنی تھیں سب مر گئیں

شتابی سے جا کر کہا اونکا حال
کہ اے شاہزادی عجب کیا کمال

عجب سیر ہے سیر مہتاب میں
یہ عالم تو دیکھا نہیں خواب میں

لگے ہے ہمارے تمانو کی قسم
جو دیکھو گی آنکھوں تو جانو گی تم

اوٹھا پائے گلگوں کو جلدی لگا
نہ جانے کہیں ہاتھ سے یہ بلا

نہیں اور کچھ تم نہ کیجو ہراس
چلی آؤ تم ان درختوں کے پاس

گئی اوسجگہ جب وہ بدر منیر
ادر اوسنے جو دیکھا تو بے نظیر

لگے دیکھتے ہی سب آپس میں کل
نظر سے نظر جی سے جی دینے دل

غرض بے نظیر اور بدر منیر
گرے دونوں آپس میں ہوکر اسیر

رہی کچھ نہ تن من کی سدھ بدھ انہیں
نہ کچھ اپنے تن کی رہی سدھ انہیں

تھی ہمراہ اک اوسکے دخت وزیر
نہایت حسین اور بعقلت شہیر

برس تھی ستارہ ہی وہ دلربا
اوسے لوگ کہتے تھے نجم النسا

شتابی سے اوسنے چھڑک کر گلاب
تب آپس کی باتوں میں لائی اوسے تاب

شہ اوٹھے تو اوٹھی یہ حیران سی
گل شبنم آلودہ گریان سی

وہ شہزادہ دیکھ اوسکے رخ کو ٹھٹھک
وہیں رہ گیا نقش پا سا جھجک

کہ وہ نازنیں بھی جھجک منہ چھپا
کمر اور چوٹی کا عالم دکھا

چلی اوسکے آگے سے منہ موڑ کر
دہن نیم بسمل اوسے چھوڑ کر

وہ گدی وہ شانے وہ پشت کمر
وہ چوٹی کا کوسے پانا نظر

داستان زلف اور چوٹی کی تعریف میں

پلا ساقیا ساغر مشکبو
کہ ہو مجھکو ورد تعریف مو

سر شام سے دے پیالہ تو ناب
کہ مستی میں دیکھوں رخ آفتاب

کروں اوسکے بالو کا کیا میں بیان
وہ کنگھی وہ چوٹی وہ کھنچی صاف صاف
نمایاں ہو یوں روشنی سے جھلک
سنگار و نمیں وہ سب سے گوہر آب تاب
گل و سنبل اُس سیر سے قربان ہے
لے ہاتھ آتا ہو اوسکا گُتھن
وہ بیٹھا اُسکی شفاف آئینہ سان
بھری تھی دو لونسے زلفیں اُسکی تنگ
کشاکش میں تھا ورنہ جیسا تو سیج
کرے سر جو کوئی شمیں موباف تا
کہاں تک کہوں اُسکی چوٹی کی بات
بہت موشگافی جو کی میں نے یان
اب اس پیچ سے باہر آتا ہوں میں
ادا میں سب اپنی دکھاتی چلی
یہ ہے کون کمبخت آیا یہان
دیا ہاتھ سے چھوڑ پردہ شتاب
مجھے چوٹ جاتے تو خوش تے نہیں
کیا ہے اگر تو نے گھائل اسے
مے عیش کا جام اب نوش کر
کہان یہ جوانی کہان یہ بہار
سمجھی یونتو دنیا کے ہیں کاروبار
کہان جاہ والے ہیں یوسف عزیز
شتابی سے مجلس کو تیار کر
شب و روز پی مئے کے جام شراب
میں سمجھی ترا دل گیا ہے اودھر

نہ دیکھا کسی رات میں یہ سمان
کناری کا پیچھے چمکتا موباف
کہ جون ابر مین برق کی ہو چمک
پھبتے ہین جو یکا اُسکو سنگار
کہ اُسکی لٹک مین عجب آن ہے
کہ ہے فی الحقیقت وہ کالے کا من
قسم اور وہ چوٹی کا پڑنا وہان
بہت دل لیے اُسکی کنگھی نے ہائے
بھلا کو رکھا اونے ڈھیلا ہی پیچ
کئے خون دل اپنا اوسکو معاف
کہ تھوڑا ہے سو انکا در بڑی ہے یہ بات
گھٹا نکی جاگہ نہ تھی درمیان
سمان ایک تازہ دکھاتا ہون مین
چھپا منہ کو اور مسکراتی چلی
مین اب چھوڑ گھر اپنا جاؤن کہان
چھپا ابر تاریک مین آفتاب
ترے ناز بیجا یہ بھاتے نہین
تو مت چھوڑ اب نیم بسمل اُسے
غم دین و دنیا فراموش کر
یہ جوبن کا عالم رہے یادگار
وہی حاصل عمر ہے وصل یار
اری باولی جاہ ہین کر تمیز
تو اس گل سے گھر تک گزارا کر
مہ و مہر کو رشک سے کر کباب
بہانے تو کرتی ہے کیون مجھپہ دھر

وہ زلفین کہ دل جسمین اولجھا رہے
کہون اُسکی چوٹی کا کیا رنگ ڈھنگ
موباف زری نے کیا ہے غضب
نہو کیونکہ چوٹی کا رتبہ بڑا
لڑی تھی زبس سحر سے اُسکے ساتھ
او لٹکر نہ دیکھے او ہوشیار
کہون اوسکے عالم کا کیا ماجرا
دل عاشق اوسپر قربان ہے
غرض حسن کا اوسکے ہے سب یہ کچھ
کیا قتل گو اوسنے دلکو تو کیا
دیا شعر کو گرچہ ہے بار طول
قسم اوپر جو پوری نہ سلجھی مثال
غرض وہ مُری جب کہ کھا اپنے بال
غضب منے یہ ظاہر وے دلمین خفا
یہ کہتی ہوئی اُنکی آن مین
کہ اتنے مین آئی وہ دختر وزیر
مری طرف ٹک دیکھ تو ہائے ہائے
ٹک حظ اوٹھا زندگانی کا تو
یہ حسن و جوانی یہ جوش و خروش
سدا عیش دوران دکھاتا نہین
خوشا وہ زمانہ کہ دو اک جگہ
ترے گھر مین آیا ہے مہمان غریب
بلا ساقیان گل اندام کو
یہ سن سن کے وہ نازنین مسکرا
لگی کہنے ہنس ہنسکے وہ ہاتھ کو

اولجھنے سے جی جسکے سلجھا رہے
کہ جون آخر شب ہو چھٹکا کا رنگ
دیا ہے گرہ دلکو دنبال قسب
کہ اک نور رہے اسکے پیچھے پڑا
شب و روز کو دے رکھا اسنے گانٹھ
کروہ اک ستارہ ہو دنبالہ دار
کہ جون ہووے دریا پہ کالی گھٹا
کہ مشاطہ کا سر پہ احسان ہے
جو چاہے کرے وہ سیاہ و سفید
شفق کا نہین کام پر خون بہا
ولیکن یہ ہو عرض میری قبول
ہوئی ہے مری فکر مجھپر وبال
تو گویا کہ مارا محبت کا جال
نہان آہ آہ اور عیان واہ واہ
چھپی جا کے اپنے وہ دالان مین
لگی ہنس کے کہنے کہ بدر منیر
مثل ہے کہ من بھاتے منڈیا ہلائے
مزا دیکھ اپنی جوانی کا تو
غفور ست ایزد تو ساغر بنوش
گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہین
کرین یکدگر جلوہ مہر و مہ
یہ ہے واردات عجیب و غریب
لگا ساتھ گردش مین لا جام کو
لگی کہنے اچھی بھلا ری بھلا
ہوئی تھی اوسے دیکھ مین ہی کو عشق

تمہیں نے تو چھڑکا تھا مجھ پر گلاب
بھلا میری خاطر بلا لو شتاب

یہ آپس میں مزہ کی باتیں ہوئیں
انسار و ذکی ہم جو گھاتیں ہوئیں

بلا لائی جا اُس کو اُس نے تئیں
کیا میزبان میہمان کے تئیں

بلا اک مکان میں بٹھایا اُسے
محل کا سماں سب دکھایا اُسے

پھر اُس ماہ زیں نے پکڑ اُسکا ہاتھ
بٹھایا ہی آخر اُس گل کے ساتھ

داستان ملاقات کرنا بدر منیر کا بینظیر سے

پلا ساقیا مجھکو صہبائے عیش
کہ ہر سو ہے یاں جائے عیش

بہم ملکے بیٹھے ہیں دو رشک مہ
قران مہ و مہر ہے اس جگہ

ہر اک بیچ رشک گلستان ہے آج
بہار و نہال غریبان ہے آج

بزور اُسکو لاکر بٹھایا وہاں
نہ پوچھو اُس گھڑی کی ادا کا بیان

وہ بیٹھی عجب ایک انداز سے
بدن کو چرائے ہوئے ناز سے

منہ آنچل سے اپنا چھپائے ہوئے
لجائے ہوئے شرم کھائے ہوئے

پسینا پسینا ہوا سب بدن
کہ جوں شبنم آلودہ ہو یاسمن

گھڑی دو تلک وہ مہ آفتاب
رہے شرم سے باہم بند حجاب

انھوں کے پرے بیٹھنے سے خفا
ہوئی دل میں غنچہ وہ نجم النسا

گلابی کو لا اُسکے آگے دھرا
پیالے کو پھر جلد اُس نے بھرا

کہا شاہزادی کو بیٹھی ہے کیا
یہ پیالہ تو اس بت کے منہ سے لگا

ذرا میری خاطر سے ہنس بول تو
لب لعل شیریں کو ٹک کھول تو

میں صدقے ترے تجھکو میری قسم
گئی ساغر اُسکو پلا دمبدم

یہ دیکھ اُسکی منت پیالہ اٹھا
ادھر سے پھرا منہ کو اور مسکرا

کہا بادہ نوشی سے ہو جسکو ذوق
پیے یہ پیالہ نہیں اسکا شوق

کہا شاہزادے نے ہنسکے کہ تو
پیو تم کہ پیکے نہو رہے کیوں

غرض ہو کے آپس میں باز و نیاز
پیے دو پیالے بصد امتیاز

پھر آخر کو شہزادے نے بھی اٹھا
پیالہ بھرا اور اُسکو دیا

جب آپس میں چلنے لگے جام مل
مندے غنچہ ساں دل کھلے مثل گل

ہوئی یکدگر پھر تو تفتیش حال
لگے ہونے آپس میں قال و مقال

کھلا بند جب دم در گفتگو
جوان نے حقیقت کہی مو بمو

کہی ابتدا سے جو گذری تھی سب
جتایا سب اپنا حسب اور نسب

پری کا بھی احوال ظاہر کیا
چھپے راز سے اُسکو ماہر کیا

کہا اک پہر کی ہے رخصت مجھے
زیادہ نہیں اس سے فرصت مجھے

یہ سن دل ہی دل بیچ کھا پیچ و تاب
دیا شاہزادی نے اُسکو جواب

مرو تم پری پر وہ تم پر مرے
بس اب تم ذرا مجھسے بیٹھو پرے

میں اس طرح کا دل لگاتی نہیں
یہ شرکت تو بندی کو بھاتی نہیں

عبث تم نے دلکو لگا دو کہیں
بھلے جی گئے دلکو جلانے کوئی

ہو شمع ساں کیوں کوئی ایک سے
جلے کسلیے آتش رشک سے

یہ سن پاؤں پر گر پڑا بینظیر
کہا کیا کروں آہ بدر منیر

کوئی لاکھ جی سے ہو مجھ پر فدا
میں تجھ پر فدا ہوں مجھے اوس سے کیا

کہا چل سراپا قدم پر نہ دھر
کسیکے مجھے جی کی کیا ہے خبر

یہ رمز و کنایے جو ہونے لگے
تو آپس میں ہنس ہنسکے رونے لگے

رہی دل ہی دل میں غرض دونوں کی بات
پہر بھر گئی اتنے عرصے میں رات

تو پھر رات کی سن اُٹھا بینظیر
کہا اب میں جاتا ہوں بدر منیر

اگر قید سے چھوٹنے پاؤں گا
تو پھر آج کے وقت کل آؤں گا

پہ رخصت سمجھیو نہیں آرام میں
کروں کیا پھنسا ہوں عجب آن میں

دل اسکا اوٹھنے کو کرتا نہیں
کوئی آپ سے جان جاتا نہیں

کرم مجھپہ رکھیو ذرا میری جان
میں دل چھوڑے جاتا ہوں اپنا یہاں

یکایک جس طرف وہ روانہ ہوا
دل اس طرف اوسکا روانہ ہوا

گیا لے کے معمول سے بینظیر
ادھر کا ہوا قید ادھر کا اسیر

پری ساتھ کاٹی وہ جوں تیسی رات
اوٹھا صبح تنہا ہوا اپنے ساتھ

سماں سب کا آنکھوں میں چھایا ہوا
مزہ دل میں سارا سمایا ہوا

اُسنے جو کوئی وصل کا دیکھے خواب
نہ وہ ممل ادھر دلکو ہو اضطراب

نئی بانکا لطف پانا غضب
وہ پہلے ہیں دل لگانا غضب

محبت میں زلف سیہ فام کی
لگا دیکھنے راہ پھر شام کی

ادھر کا تو احوال تھا اسطرح
کہا میں نے کر مختصر جس طرح

وہ شب اُسکو اندوہ و غم میں کٹی
گھڑی جو کٹی سو الم میں کٹی

کچھ امید دلمیں کچھ اک دلکو یاس
لبوں پر ہنسی لیک چہرہ اداس

کہ تو آج کر خوب بنا سنگار
مجھے حسن کی اپنی دکھلا بہار

کروں کسکی خاطر میں اپنا سنگار
وہ ہے کون جسکو دکھاؤں بہار

نہا دھو کے اوس روز ایسی بنی
کہ دولہ کی سج ہو جیسی بنی

وہ مسی وہ اُسکے لب لعل فام
سواد دیار بدخشاں کی شام

ستم بستہ سرمے کی تحریر سی
کھنچی ہاتھ کافر کے شمشیر سی

وہ پشواز اک ڈانک کی جھلجلی
ستاروں کی تھی آنکھ جسپر لگی

جو دیکھے وہ انگیا جواہر نگار
فرشتے لیے ہاتھ بے اختیار

ڈلک ایک نیفے کی ابھری ہوئی
گلابی سی گرد ایک دی ہوئی

پڑی پانوں میں کفش زریں نگار
ستاروں کی جسکی زمیں پر بہار

گٹھی ہوئی وہ ترکیب اور وہ بدن
وہ پوشاک زیور کی اور سیمیں تن

بھری مانگ موتی سے جلوہ کناں
نمایاں شب تیرہ میں کہکشاں

ہوس ہے نہ دیکھ اُسکے زیور کو پھر
کہے تو کہ ٹیکا تھا اُسکے سر

وہ ہیرے کا تکمہ بصد آب و تاب
وہ صبح گلو مطلع آفتاب

وہ چھاتی پہ الماس کی دھکدھکی
لیے آنکھ سورج کی جسپر جھکی

وہ الماس کی ہنسلی اک خوشنما
تصور ہے جسکا دلے لگا

وہ پہونچی زمرد کی اور دستبند
نزاکت میں تھی شاخ گل سے دوچند

وہ بیٹنے کے پانوں میں چھلے تھے گل
کہ آنکھوں سے دل انپہ جاتے تھے گھل

زمیں سے معطر ہوا تا فلک
زمانہ گیا اُسکی بو سے مہک

فلک تک گئی حسن کی اُسکی دھوم
لیا ہاتھ مشاطہ نے اپنا چوم

بچھا فرش اور کر چھپرکھٹ کو صاف
مرصع کا اُسپر اوڑھا کر غلاف

قلق دل پہ یہ تھے کہ روز و شب
دکھانا منہ شمع شب افروز کب

وہ دن ہجر کا اوسپہ شامت ہوا
اُسے کاٹنا دن قیامت ہوا

ذرا اب سنو تم ادھر کا بیان
ہوا طرف ثانی کا کیا حال اُن

رہی صورت آنکھوں میں جو یار کی
ہوئی یاد میں صبح رخسار کی

لگا اُسکو باتوں میں نجم النسا
لگی کہنے جی چاہتا ہے مرا

لگی کہنے چل ری دوانی نہ ہو
کوئی چیز اپنی نگاہی نہ ہو

غرض شاہزادی بہت دور تھی
یہ شکل اُسکو پہلے ہی منظور تھی

وہ گہروں کا عالم وہ کنگھی کا رنگ
شب ماہ ہو دیکھکر جسکا دنگ

وہ آنکھوں کا عالم وہ کاجل غضب
کہے تو پری پرستان میں شب

لکھوٹا وہ پانوں کا مسی کے ساتھ
کہ جوں دامن شب شفق سے ہو ہاتھ

اور اک اوڑھنی خالی مقیش کی
پڑی چاندنی سی مقیش کی

وہ باریک کرتی مثال ہوا
عیاں ہو مو جسمیں تن کی صفا

مغرق زری کا وہ خلوار بند
ثریا سے تابندگی میں دو چند

لگا پانسے وہ نازنیں تا بفرق
سراپا جواہر کے دریا میں غرق

وہ چھب تختی اُسکی نزاکت نما
چمن زار قدرت میں نخل مراد

وہ ماتھے پہ بندی کی اوسکی جھلک
سحر چاند تاروں کی جیسے چمک

وہ بالی کی تابندگی زیر گوش
جسے دیکھ اُڑجائیں بجلی کے ہوش

وہ تکمے پہ چنپا کلی کی پھبن
کہ سورج کے آگے ہو جیسی کرن

وہ موتی کے مالے لٹکتے ہوئے
رہیں دل اچھالن بسر جھکتے ہوئے

وہ کچبند بازو کے اور نورتن
کہ جوں گل سے ہو شاخ زیر چمن

وہ نعلوں کی پازیب ونیرہ دار
سدا اشک خونیں ہو جسپر نثار

وہ بالوں کی بو رشک مشک ختن
وہ ڈوبا ہوا عطر میں اوسکا تن

کیا اسطرح جب اُسنے سنگار
ہو مہر و مہ اُسکے منہ پر نثار

خواصوں نے گھر کو دیا انتظام
تمامی کے پردے لگائے تمام

وہ نرگس کے دستے جو آفاق میں
نہ نکلیں سو لاکر چنے طاق میں

ولایت کے میوے دھرے ہر طرف — کہ لیجاوے بو اونکی گل تر شرف
دھرین کیاریان اکطرف مشتہا — جنی اکطرف ڈالیونکی قطار
چھپرکھٹ کے پاس ایک مسند بچھا — اور اوسپہ تمامی کے تکیے لگا
کئی عطر دان نان مرصع دھرے — انوکھی گرہتے کئی جو گھرے
دھری اک بیاض اور رشک چمن — پر از شعر سودا او میر حسن
دھرا اکطرف گنجفہ خوش قماش — دھری چوپڑ اکطرف کو غم تراش
صراحی و ساغر شراب و کباب — دھرا اوسپہ ساقی سے گرانخواب
کہا خاصہ بر کو خبردار کر — کہ رکھیو تو خاصے کو طیار کر
شرام لے ہاتھ مین اک چھڑی — ولیکن چھڑی وہ کہ جگنو جڑی

دھرے تخلخے خاص ایوان مین — ہوا ہوگئی عطر دالان مین
اچار اور مربے دھرے خوشنما — وہ باہر کے دالان مین جابجا
چنگیرین بنا اور رکھ پاندان — قرینے سے اوسمین رکھے ہار پان
سرہانے مجلد دھری اک کتاب — ظہوری نظیری کا کل انتخاب
قلمدان بھی اک نزاکت بھرا — قرینے سے زیر چھپرکھٹ دھرا
کبھی ایک جو کی طرا تو وہ پوش — کرین دیکھکر غش جسے بادہ نوش
نے اوسکو رکھا چھپائے ہوئے — کہ چھوئے نہین منہ لگائے ہوئے
یہ سب کچھ ہوا جبکہ آراستہ — خرامان ہوا سرو نوخاستہ
اروش پر لگی پھرنے ایدھر اودھر — کہ چھپ جاے سورج بھی جسے دیکھکر

داستان بے نظیر کے آنے کی اور باہم صحبت کرنے کی

پلا مجکو ساقی شراب وصال — کہ اب ہجر سے تنگ ہے میرا حال
پر اوسنے بھی اتنا تکلف کیا — کہ اک دن مین جوڑ یکو دھانی رنگا
نہین لعل و یاقوت کے نورتن — وہ گل سطح ہو کہ رشک چمن
نکلایک جو وارد ہوا اوس جگہ — کہ جیسے خرامان تھی وہ رشک مہ
گیا جھپکے عالم پہ جو اوسکے دھیان — تو دیکھا عجب رنگ سے وہ جوان
کہے تو کہ تب چاند نے آنکے — نکلا ہے منہ کھیت سے دھانکے
سمان دیکھا اوس شعلہ حسن کا — ہوئی اور جلنے کی دونی ہوا
کہ اب کسطرف انکو لیجائیے — جہان حکم ہو جاکے بٹھلائیے
کے بہو جب اوٹھا کر نقاب — چھپا اسکو ان لا اٹھا لا شتاب
لے دیکھ اوسنے تو پھر غش کیا — لباس اور زیور سے غش غش کیا
پکڑ ہاتھ مسند پہ کھینچا اوسے — محبت کے رشتہ سے اینچا اوسے
تڑپتا ہی کب سے پڑا میرا دل — ذرا کھول آغوش اور مجسے مل
ہوا پھر تو صہبائے گلگون کا دور — ہوئے اور ہی اور کچھ انکے طور
کہ دستے جو نرگس کے وان تھی نہار — لگے ڈھانپنے آنکھ بے اختیار

تڑپتا اودھر تھا جو وہ بے نظیر — ہوئی شام بارے تو چھوٹا اسیر
تمامی کی سنجاب سی کر درست — بنا جلد جلد اور نہین تنگ و چست
فلک سیر پر ہو شتابی سوار — ہوا آسمانپر ہوا ایک بار
نظر نازنین کی جو اوسپر پڑی — ہوئی جادر خو کے اوس جھمکڑی
کہ دھانی ہے جوڑا گلیمین ترا — چھپا سبز مین چاند سا ہے کھرا
وہ حسن اور پوشاک اور وہ شباب — زمرد مین جون جلوہ آفتاب
خواصین جو تھین ہٹ گئین جانکے — کہا ایک ہمراز نے آنکے
کہا وہ جو آراستہ ہے مکان — ادھر سے تو دونون ہوئے لیجایان
وہ بیٹھا جو خلوت مین آ بے نظیر — اور ایدھر سے آئی جو بدر منیر
زبس حوصلے نے جو تنگی سی کی — حیا عشق نے خانہ جنگی سی کی
لگی کہنے ہے ہے مرا چھوٹا ہاتھ — یہ گرمی ہے جس سے رہے اسکے ساتھ
غرض آخرش بعد راز و نیاز — وہ مسند پہ بیٹھی بصد امتیاز
ہوئے جبکہ مدمست وہ ماہرو — لگی اونمین ہونے عجب گفتگو
خواصین جو تھین رو برو ہٹ گئین — بہانے سے ہر کام کے ہٹ گئین

غرض رفتہ رفتہ وہ مدہوش ہو
چھپر کھٹ میں لیٹے ہم آغوش ہو

لگی ہونے بے پردہ جو چھیڑ چھاڑ
در حسن کے کھل گئے دو کواڑ

لبوں سے لبے ہن سے دہن
دلوں سے دل بدن سے بدن

لگی جاکے چھاتی جو چھاتی کیساتھ
چلے ناز و غمزے کے آپس میں ہاتھ

غم و درد دامن کشیدہ ہوے
وہ گل نارسیدہ رسیدہ ہوے

چھپر کھٹ سے باہر کو اپنے قدم
نکل آئے بھرتے محبت کا دم

عرق میں ادہر غرق وہ مہ جبین
کیے آنکھ نیچی ادھر نازنین

پھر وہ بچے اوٹھا بینظیر
ہوئی غم کی تصویر بدر منیر

کہا مجھسے پیارے نہ بیزار ہو
پھر آنکھ لگا بولی کہ مختار ہو

ہو دل جو دونوں کے آپس میں بند
لگے ہجر سے دل یہ آنے گزند

پھر ہر رات کو ہنسنا اور بولنا
در حسن اور عشق کو کھولنا

لیا کھینچ اونھوں نے جو پردہ شتاب
چھپے ایک جا دو مہ و آفتاب

لگے پینے باہم شراب وصال
ہوئے نخل امید سے وہ نہال

لگی آنکھ سے آنکھ خوشحال ہو
گئیں حسرتیں دل کی پامال ہو

کسیکی گئی چولی آگے سے چل
کسیکی گئی چین ساری نکل

اوٹھے پی کے باہم شراب امید
کوئی سرخرو اور کوئی رو سپید

نشہ سے وہ لذت کے بیہوش ہو
گئے بیٹھ مسند پہ خاموش ہو

یہ بیٹھے تھے خوش ہو کے باہم ادھر
کہ اتنے میں اودھر سے باجا گجر

نہ بولی نہ کی بات باہم نہ کچھ کہا
نہ دیکھا ادھر آنکھ اونچی اوٹھا

خفا اوسکے ہونے سے وہ نوجوان
گیا تو ولے منہ پہ آنسو رواں

بندھا پھر تو معمول اوسکا مدام
کہ ہر روز آنا ادھر وقت شام

کبھی ہجر سے اوسکے ہونا ملول
کبھی وصل میں بیٹھنا پھول پھول

داستان خبر پانا ماہرخ کا زبانی دیو کے عشق بینظیر اور بدر منیر سے اور قید کرنا بینظیر کو

پلا جلد ساقی مجھے بھر کے جام
کہ ہے چرخ کو بھی در پئے انتقام

یہ ہے دشمن وصل و دلسوز ہجر
کرے ہے شب وصل کو روز ہجر

کسی دیو نے دی پری کو خبر
کہ معشوق عاشق ہوا اوس پر

قسم مجکو حضرت سلیمان کی
ہوئی دشمن اب اوسکی جان کی

کوئی نازنین سی ہے اک اوسکے ساتھ
کھڑی تھی دیے ہاتھ میں اوسکے ہاتھ

یہ ورتی سی اوسکو خبر سن پری
کہا دیکھنے پاؤں اوسکو ذری

وہ آوے تو آگے مرے نابکار
کر پیار کو اوسکے گردن تار تار

ہمارے بزرگوں نے سچ ہے کہا
کہ ہر آدمی زاد کل بیوفا

اوسے دیکھ غصے میں وہ ڈر گیا
کہے تو کہ جیتے ہی جی مر گیا

تجھے سیر کو میں نے چھوڑا دیا
کہ اوس مالزادی کو جوڑا دیا

بھلا کا دیا تھا نہ تو نے یہی
بھلا اوسکا بدلہ نہ لوں تو سہی

مزہ چاہ کا دیکھ اپنی ذرا
جھکاتی ہوں کیسے کنوئیں میں بھلا

کہ چاہ الم میں پھنساؤں تجھے
ہنسا ہے تو جیسا رلاؤں تجھے

یہ دو دلکو اکجا بٹھاتا نہیں
کسیکا لگا دل بہاتا نہیں

جدائی انھونکی خوش آئی اوسے
پھر اتنی بھی صحبت نہ بھائی اوسے

یہ سنکر وہ شعلہ بھبھوکا ہوئی
لگی کہنے ہیں یہ بلا کیا ہوئی

کہا دیو سے دے مجھے تو بتا
کہا وہ کسی باغ میں تھا کھڑا

قضارا اوڑا میں جو ہو کر ادھر
وہ دونوں مجھے واں پڑے تھے نظر

تو کہا جاؤں کیا اوسسے مروت ہو
لگی ہے مری بات وہ سوت ہو

یہی قول اقرار تھا میرے ساتھ
بھلا اوسکا دامن ہے اور میرا ہاتھ

غضبناک بیٹھی تھی یہ تو ادھر
کہ اتنے میں آیا وہ رشک قمر

بلا سی وہ دیکھ اوسکے پیچھے پڑی
کہا سن تو اے موذی و مدعی

الگ مجھسے یوں رہنا اور چھوٹنا
یہ اور پری اور پرے مزے لوٹنا

پھرا جیسے راتوں کو دلشاد تو
کرے گا دنوں کو بہت یاد تو

تجھے جی سے ماروں تو کیا ہے عجیب
ولے چاہتے تجھے یہ تیرے نصیب

یہ کہہ اور بلا اک پریزاد کو
کہا سنیو اسکی نہ فریاد کو





لیے کھینچتا پانی سے نیچا شتاب
لے جا کے اُس چاہ میں بند کر
نہ دیکھو سو اُسکے جو کچھ سکے
گری اوسپہ جو آسمانی بلا
کہا دل یہ رتبہ جو کچھ آج ہی
وہ یوسف کنوئیں میں ہو جسکا بند
منور وہ گھر اُسکا سارا ہوا
لے پاؤں جب اُسکا تہ پر گیا
ہوا دور سے اوپر کی کانپ کانپ
اندھیرے اُجالے نہ نکلا تھا جو
اندھیرے سے اُسکا گیا دم ٹھٹھا
پکارا وہ جس تس کو فریاد کر
وہی چاہ تاریک اُسکا رفیق
کنواں ہی مدام اوسکا ہمدم رہے
سیاہی میں جیسے ہو کاغذ کا دل
غم و درد و آفت کو کھا کھا جیے
نہ تھا وہ کنواں تھا ستون الم

وہ صحرا جو ہی درد و محنت کا باب
وہی سنگ پھر اُسکے منہ پر تو دھر
یہی اسکا معمول دائم رہے
دل اُس نازنین کا ہوا ہو جلا
یہی عشق کی جان معراج ہی
ہوا اُس سے پستی کا رتبہ بلند
کنوئیں کی وہ پتلی کا تارا ہوا
کنواں اُسکے اندوہ سے بھر گیا
کنوئیں نے لیا سنگ سے منہ کو ڈھانپ
ہوا قید اُس اندھیرے میں وہ
کہ جوں لے سیاہی کسیکو دبا
نہ پہونچا کوئی کاروان بھی ادھر
وہی سنگ سر پر بجای شفیق
جو اوس سے سنے وہ ہی اوس کے غم
صعوبت میں اوس سے جہنم خجل
لہو پانی اپنا کنوئیں میں پیے
نشان شب آفت درد و غم

کنواں اُسمیں جو ہی مصیبت بھرا
سر شام کھانا کھلانا اُسے
یہ سن دیو اُس گل کے نزدیک آ
ہوا یوں جو اُس بخت وارو نگاں
کیا بند پھر جا کے اُس چاہ میں
کھلے اوس کنوئیں کے یکایک نصیب
وہ اندھا پڑا تھا سو روشن ہوا
زمین میں سمایا تحیر سے آب
دل اُس نازنیں کا دھڑکنے لگا
نکلنے کی سوجھی نہ واں اُسکو راہ
فغاں کی بہت اور پکارا بہت
نہ مونس نہ غمخوار اُسکا کوئی
ہوا بھی نہ واں جس سے دمساز ہو
کنواں اوسکو پوچھے وہ پوچھے اُسے
نہ شب کی سیاہی نہ واں دن کا نور
اس اندھیر کو کیا لکھوں بن آہ
کروں مختصر یا نسے اب غم کی راہ

لگی من کا پتھر ہو اُسپر دھرا
اور اک جام پانی پلانا اُسے
پکڑ ہاتھ اُسکا فلک پر اوڑا
چلی آہ و نالے کی ساتھ اُسکے فوج
کنواں وہ جو تھا قاف کی راہ میں
گرایا وہ اُسمیں مہ دلفریب
جواں اُسمیں وہ سنا پیکاں جو
گئے سوکھ آنسو کنوئیں کے شتاب
جگر ٹکڑے ہو کر پھڑکنے لگا
ہوا اُسکی آنکھوں میں عالم سیاہ
سر اپنے کو ہر طرف مارا بہت
نہ تھا جز خدا یار اُسکا کوئی
کنوئیں کی سنے کون آواز کو
اندھیری سوا کچھ نہ سوجھے اُسے
سدا ظلمت غم کا اُس جا ظہور
قلم کے نکلتے ہیں آنسو سیاہ
نگارنے اُسمیں وہ آب حیات

نہیں مخلصی سوجھتی اب اوسے
نکالے خدا دیکھیے کب اوسے
بہم دو دنوں میں جو ہوتی ہے چاہ
تو ہوتی ہے دونکے تئیں دل سے راہ
کبھی دن نہ آیا جو وہ رشک مہ
نظر میں ہوا اسکی عالم سیہ
کہا اوسنے اسکو سودا ہے کچھ
وہ معشوق ہے اسکو پروا ہے کچھ
وہ رہ رہکے تمکو دلاتا ہے چاہ
عبث آپکو مت کرو تم تباہ
نقول بھلا کچھ بکا لاکرو
ذرا آپ کو تم سنبھالا کرو
گئے اسیہ جب دن کئی اور بھی
بگڑنے لگے پھر تو کچھ طور بھی
ٹھہرنے لگا جان میں اضطراب
لگی دیکھنے وحشت آلودہ خواب
خفا زندگانی سے ہونے لگی
یہاں سے جا جا کے سونے لگی
نہ گلا سا ہنسنا نہ وہ بولنا
نہ کھانا نہ پینا نہ لب کھولنا
کہا گر کسینے کہ بی بی چلو
تو اٹھنا اسے کہکے ہاں جی چلو
کسینے جو کچھ بات کی بات کی
یہ دلگی جو پوچھی کہی رات کی
کسینے کہا سیر کیجے ذرا
کہا سیر سے دل ہے میرا بھرا
نہ کھانے کی سدھ اور نہ پینے کا ہوش
پھرا دلمیں اسکے محبت کا جوش

پھنسا اس طرح سے جو وہ بے نظیر
پڑی بیقراری میں بدر منیر
قلق واں جو گذرا تو یاں غم ہوا
رکا جی وہاں یاں خفا دم ہوا
لگی کہنے نجم النسا سے بوا
خدا جانے اوس شخص پر کیا ہوا
خدا جانے کس شغل میں لگ گیا
مری جڑ ہے اتنا بھی ہونا تھا
لگے جو کوئی اس سے رک جائیے
جھکے آپ سے وہ تو جھک جائیے
یہ سن چپ ہی ہی دلمیں کھا پیچ و تاب
دیا پھر نہ اس بات کا کچھ جواب
دوانی سی ہر طرف پھرنے لگی
درختوں میں جا جا کے گرنے لگی
تب ہجر گھر دل میں کرنے لگی
ذرا اشک سے چشم بھرنے لگی
تب غم کی شدت سے وہ کانپ کانپ
اکیلی لگی رونے منہ ڈھانپ ڈھانپ
جہاں بیٹھنا پھر نہ اٹھنا اسے
محبت میں دن رات گھٹنا اسے
جو پوچھا کسینے کہ کیا حال ہے
تو کہنا یہی ہے جو احوال ہے
کہا گر کسینے کہ کچھ کھائیے
کہا خیر بہتر ہے منگوائیے
جو پانی پلانا تو پینا اسے
غرض غیر کے ہاتھ جلنا اسے
بہ چمن سیر نہ مائل نہ گل پر نظر
وہی سامنے صورت آٹھوں پہر

نفقہ اسی سے سوال و جواب
سدا ار دبر او سکے غم کی کتاب
جو آجائے کچھ ذکر شعر و سخن
تو پڑھنا یہ دو تین شعر حسن
یہ کیا عشق آفت اٹھانے لگا
نہیں تو مرا جی بھکانے لگا
گنہ چشم خونبار کا کچھ نہیں
کہ جسکے عوض یوں رلانے لگا

غزل

مرے دلکو مجھسے چھڑانے لگا
ملا سیر دلبر کہیں مجھسے خدا
مرا دل ہی مجھکو ڈبانے لگا
فلک نے تو اتنا ہنسایا نہ تھا
نہیں مجھکو دشمن سے شکوہ حسن
مرا دوست مجھکو ستانے لگا
اسی دم سے پڑھنا کہ ہو من درد
سو یہ بھی جو مذکور نکلا کہیں

غزل ہا رباعی و یا کوئی فرد
نہیں تو کچھ اسکی بھی خواہش نہیں
سبب یہ کہ دل سے تعلق ہے سب
نہو دل تو پھر بات بھی ہے غضب
لیا ہے جب بنا ہی جو ڑا انکی
کہاں کی رباعی کہاں کی غزل
گلابی میں غنچے کے مجھکو تماشا ہے
کرو دیکھو میں کیفیت بوستان
حکایت کرون ایک ان کی قمر
ذرا جاکے دیکھوں چمن کو ذری
اگر غنچہ سان کچھ کھلے میرا دل
ہوا پھر ہیلو اوسکو گلزار کی

داستان بدر منیر کے غم و اندوہ کی اور عشق بازی میں بیکلی کی

پلا ساقیا تشنگی کی شراب
پیالے میں بھر کر کے دے میری جان
کہ دنیا میں توام ہیں شادی و غم
اسے بھی سوتے اک دن شگفتہ ری
کہ غم نے کیا ہے نپٹ مضمحل
زبس گل سے آتی ہے بو یار کی

پھر اک دن ہوا یہ کہ منہ ہاتھ دھو ۔ چلی اُٹھ کے دالان سے سیر کو
زمرد کا مونڈھا چمن پر بچھا ۔ وہ بیٹھی عجب آن سے دلربا
کہ زانو پہ اپنے پانوں کو دھر لیا ۔ اور اک پانوں مونڈھے سے لٹکا دیا
نہ پوچھو اوسکے پائے نگارین کا حال ۔ زبان ثنا وصف مین جسکے لال
لٹک اور فندق سے لالہ کو داغ ۔ ہوا ایسی کیفیت پائین باغ
طلائی کڑے اور کفگیر کا وہ رنگ ۔ سنہری شفق جسکو ہو دیکھ دنگ
جواہر کے چھلے پچھڑے پور پور ۔ زری کی ٹکی جیسے مخمل پہ نور
زبس شوق اٹھی تھی وہ نازنین ۔ پڑی تھی عجب ڈھب سے چین جبین
خماری وہ انکھیان وہ انگڑائیان ۔ وہ جوبن کے عالم کی سرسائیان
جوانی کا موسم شروع بہار ۔ وہ سینے سے اوسکے کچونکا اوبھار
نشے مین وہ آ حسن سے بیٹھنا ۔ وہ چھب تختی اپنی کو دیکھ اینٹھنا
خواص ایک حقہ لیے تھی کھڑی ۔ گلے کی بہی تھی اوسمین پڑی
وہ شیشہ کا حقہ مرصع کا کام ۔ مغرق زری کا وہ نیچہ تمام
لیے ایک اوس سر پڑا تھا یہ پیچ ۔ لب اوسکے آگے تھا گویا کہ نیچ
لب ناز کے اوپر وہ مہنال دھر ۔ نکالی تھی پردے سے دود جگر
ادھر اور اودھر ہر طرف تھی نگاہ ۔ کسیکی کوئی جیسے تکتا ہو راہ
خواصین کھڑی اوسکے سب آ کے پیش ۔ جو تھین اپنے عہدے پہ حاضر ہمیش
کوئی مورچھل لے کوئی پیکدان ۔ کوئی لے چنگیر اور کوئی پاندان
رسیلی چھبیلی بنی ٹھنک چست ۔ لباس اور زیور سے ہر اک درست
کھڑی نیچی آنکھیں کیے باادب ۔ اسی شرم سے پر قیامت غضب
وہ آنکھیں کہ پڑتی تھیں جدھر نگاہ ۔ اودھر عشقمین آتے تھے شتہ ول و کاہ
کئی ہمدم اُسکی جو تھین ہمسرو ۔ بچھائے ہوئے کرسیاں سو بسو
برابر برابر ادھر اور اودھر ۔ وہ گرد اوسکے بیٹھی تھین یکدگر
سماں اوسگھڑی کا کہون کیا مین آہ ۔ ستارونمین تھا جلوہ گر آ کے ماہ
عجب حسن تھا باغ مین جلوہ گر ۔ کہ ہر گل کی تھی اوسکے منہ پر نظر
چمن اوسگھڑی بر سر جوش تھا ۔ گل و غنچہ جو تھا سو بیہوش تھا
زبس عطر مین تھی وہ ڈوبی ہوئی ۔ دوبالا ہر اک گل کی خوبی ہوئی
معطر ہوا اور گل کا دماغ ۔ کہ مہکا تمام اوسکی خوشبو سے باغ
پڑا عکس اوسکا جو طرف چمن ۔ ہوا لالہ گل اور گل نسترن
درخت تیز اُسکی پڑی جو جھلک ۔ زمرد کو دی اور اُسنے چمک
ہوئی اوسکے بیٹھے سے گلشن کو زیب ۔ گیا اڑ صبا کا بھی صبر و شکیب
چمن نے جو اوس گل کی دیکھی بہار ۔ ہوا دیکھ اپنے گلوں کو فگار
گل و غنچہ و لالہ آپس مین مل ۔ لگے کہنے اس باغ کا ہے یہ دل
گئی جی سے بلبل کے گلشن کی چاہ ۔ ہوئی سرو کی طرح قمری کو آہ
ہوئے واں سے آئینہ دیوار و در ۔ وہ مہ جسکے دل مین ہوئی جلوہ گر
کہ اتنے مین کچھ جی مین جو آگیا ۔ ادا سے لگی کہنے وہ دلربا
اری ہر کوئی یان ذرا جائیو ۔ مری عیش بائی کو لے آئیو
عجب وقت ہے اور عجب ہے سمان ۔ کرے دو گھڑی آکے مجرا یہان
خفا ہون مرا جی تو مشغول ہو ۔ کوئی دم تو داغ جگر بھول ہو
کسیطرح سے دل تو لگتا نہین ۔ جلے ہے جگر دل سلگتا نہین
یہ سنتے ہی دوڑی گئی اک نگار ۔ لیا عیش بائی کو اوسنے پکار
وہ آنے لگی کافراس آن سے ۔ کہ جانے لگا جی سلمان سے
عجب چال سے وہ چلی نازنین ۔ کہ مستی مین پانوں کہین کا کہین
وہ خلقت کی گرمی وہ جوبن بنا ۔ نشے مین بھبھوکا سا چہرہ بنا
لٹین منہ پہ چھوٹی ہوئین سر بسر ۔ کہ بدلی ہو جون مہ کی ادھر اودھر
وہ بن پوچھے ہونٹوں کی مسی غضب ۔ کہ منہ پر تھی گویا قیامت کی تب
فقط کان مین ایک بالا پڑا ۔ لگے تو کہ تھامہ کے بالا پڑا
وہ پشواز اگری وہ فرش کا ۔ وہ کمخواب کے بند رومے ازار
بندھا سرپہ جوڑا پڑی زر ڈلی ۔ کمر کی لچک اور رشک کی وہ چال
وہ شبنم کی انگیا بنی تنگ چست ۔ کنارہ و نیپر پینا بنت کا درست

وہ اوٹھی ہوئی جین پشواز کی
چلی ان بیچ دامن اوٹھاتی ہوئی
سنہری کا زرین اور بھی دل نواز
روش پر جو تھا فرش اوسکے حضور
دیا آسمانیر جو طبلوں کو کھینچ
عجب ول پڑی تھی انداز سے
گل و غنچہ کیطرح محبوب تھی
وہ گانے کا عالم وہ حسن بیان
درختوں کی کچھ چھاؤں اور کچھ وہ دھوپ
وہ لانے کا عالم ہزاریکا رنگ
وہ چادر کا چھٹنا وہ پانی کا زور
وہ اوڑتی سی نوبت کی دیتی صدا
وہ دل بیسا ہاتھ پر دھرکے ہاتھ
غرض جو کھڑے تھے کھڑے رہ گئے
لگی دیکھنے آنکھ نرگس اوٹھا
درختوں سے گرنے لگے جانور
سوے نہر سے سنگپا سے پھسل
بندھا اس طرحکا جو اوسجا سمان
لگا تھا زبس عشق کا اوسکو تیر
کہیں کا کہیں بے اوڑا اوسکو رنگ
وہ جانے کہ ہو جسکے کچھ دلکو لاگ
جگر میں اگر آہ کی سول ہو
کرے گلشن و گل پہ کیا وہ نظر
خوشی کا جو عالم تھا ماتم ہوا
مری عقل اس جا پہ حیران ہے

وہ مسکی ہوئی چولی انداز کی
کرے سے کرتے کو بچاتی ہوئی
لیے ساتھ ساتھ اوسکے سب اپنا ساز
ادب سے وہاں بیٹھیاں ملکے دور
ہر اک نے رباب میں دل لیا سبکا کھینچ
کہ بیکل تھی ہر تان آواز سے
کھلی اور سنہری دل کی مرغوب تھی
وہ گلشن کی خوبی وہ دنکا سمان
وہ دھانونکی سبزی وہ سرسونکا روپ
وہ آنکھوں کے ڈورے نشے کا ترنگ
ہر اک جانور کا درختوں پہ شور
کہیں دور سے گوش پڑتی تھی آ
اوچھلنا وہ ہرن کا ٹھوکر کے ساتھ
اڑے جسجگہ تھے اڑے رہ گئے
گلوں نے دیے کان اودھر کو لگا
سبھی مثل آئینہ دیوار و در
پڑے سامنے فوارے اوسکے اوچھل
ہوا اسکے دل کا عجب حال دون
لگی کھینچنے آہ بدر منیر
ہوا سے ہوئی اور دونی وہ آگ
کہ معشوق بن سب ہے گلزار آگ
لگے خار کیسا ہی گو پھول ہو
جسے اپنے گل کی نہووے خبر
ورق کا ورق ہی وہ برہم ہوا
کہ یارب یہ کیسا گلستان ہے

وہ منہدیکا عالم وہ تیور وہ چھوڑ
عجب ایک عالم تھا بیساختہ
چلیں ایک غماز اور ناز سے
ہوا حکم گوری کا جو برملا
لگی گانے ٹپہ وہ اس آن سے
وہ بھی گنگری یا ڈہی نور کی
غرض کیا کہوں اوسکا میں ماجرا
گھڑی چار دن باقی اوسوقت تھا
لپیٹے ہوے پو ستون پر تمام
گلابی سا ہو جانا دیوار و در
وہ سرو سہی اور آب روان
وہ رقص بتان اور ستھری لے
نہ انسان ہی کا ہوا دل اسمیں بند
جو پیچھے تھے آگے نہ وہ چل سکے
لگے ہلنے آ وجد میں سب درخت
ہوئیں قمریان شوق سے نعرہ زن
عجب راگ کو بھی دیا ہے اثر
ولیکن جو کچھ دل کیو تیر گیا
بندھا اوسکو عاشق کا اپنے خیال
لگی کہنے ہے ہے یہ دیکھوں میں سیر
بھلا کیونکہ جی اوسکا خوشحال ہو
درختوں کے عالم سے کیا ہو نہال
یہ گھبرا اوٹھی وان سے وہ دلربا
سمٹ اوٹھنے ہی بس اوسکے جاتی نظر
ہر اک وقت ہے اسکا عالم جدا

وہ پانوں میں سونیکے دو دو کڑے
کہ عالم تھا اک اوسپہ دلباختہ
گھڑی وان ہوئیں ایک ادا سے
لیے ساز سب نے سبھوں نے اوٹھا
نکلنے لگی جان ہر تان سے
مسلسل تھی اک پھلجڑی نور کی
عجب طرحکی بندھ گئی تھی ہوا
سہانا ہر اک طرف سایہ ڈھلا
روپہلے سنہرے تھی وان شام و صبح
درختوں سے آنا شفق کا نظر
وہ پانی کا مستی سے بہنا وہان
وہ گوری کی تانیں وہ طبلوں کی تھاپ
ہوے محو سنکر چرند اور پرند
جو بیٹھے سو بیٹھے نہ پھر ہل سکے
کھڑے رہ گئے سرد ہو کر درخت
بھرا اشک سے بلبلوں کا چمن
کہ ہو جاے پتھر کا پانی جگر
کہ بن آئے ہر اک وہاں مر گیا
لگی رونے آنکھوں پہ دھر کر رومال
نہو پاس کچھ پر وہ یادش بخیر
کہ ہجران کا غم جسکے دنبال ہو
جسے یاد شمشاد کی ہو کمال
پھر اٹھ یہ جاکر گری منہ چھپا
طوائف کہیں اور خواصیں کہیں
جو چاہو یہ تحریر ہو تو امکان کیا

کبھی ہو خزاں اور کبھی ہو بہار
پلا ساقی اک جام مجھکو شتاب
گری جب چھپر کھٹ پہ وہ رشک حور
گرے چشم سے اوسکے آنسو کے گہر
ہوا آفتاب علم جو طلوع
بدنکو جو دیکھا تو زار و نزار
زباں پر تو باتیں و لے دل میں داغ
اگر سر کھلا ہو تو کچھ غم نہیں
جو سینہ کھلا ہو تو ڈر جاگ ہے
ولیکن یہ خوبونکا دیکھا سبھاو
غرض بڑا دالی ہے پریاں کی ادا
وہ آنکھیں جو روتی ہیں سنج بجوے
گریباں سینے پہ ہو جو کھلا
دامے نہیں یہ بھی عالم جدا
پلا ساقیا ساغر بینظیر
وہ حسن جوانی اور اسیر یہ غم
کبھی خون آنکھوں سے رو ڈالنا
و لے آن در رخ نہیں حسین وہ ماہ
گیا اسطرح جب مہینا گذر
لگی سنے تب جان بیتاب میں
اسے کرنے لگا پاس ناموس ننگ
یہ احوال دیکھا اسکا دخت وزیر
مسافر سے کوئی بھی کرتا ہے بات
کہے آسماں کہ زمیں کے ہیں یہ
سنو جانی اپنے یہ جو کوئی مرے

داستان منظیر کے غم ہجر سے بدر منیر کی بیقراری میں

کہ یہ دین شب کے گیا آفتاب
سبھوں کو کہا تم رہو دور دور
کہ دھویا اوسی آب سے منہ سحر
اداسی کا ہونے لگا دن شروع
کسیکو کوئی جیسے دیوے فشار
پراگندہ حیرت سے ہوش و حواس
جو کرتی ہے سہیلی تو محرم نہیں
غم آلودہ صبح طرب ناک سے
کہ بگڑے سے دونا ہوا انکا بناؤ
بھلوں کو سبھی کچھ لگے ہے بھلا
تو گویا کہ موتی بھرے کوٹ کوٹ
تو گویا ہو وہ صبح عشرت فزا

شب ہجر کی پھر علامت ہوئی
اکیلی وہ رونے لگی زار زار
صبوحی تو دے ساقی لعل فام
ذرا آئنہ لیکے دیکھا جو رنگ
فلک کیطرف دیکھ اور شکر کر
نہ منہ کی خبر اور نہ تن کی خبر
جو مستی ہو دو دن کی تو ہے وہی
نہ منظور مسی نہ کاجل سے کام
نہیں حسن کی اسطرح بھی کمی
جو ماتھے پہ چین جبیں غم سے ہے
تب غم سے یاں تمتماتے ہیں گال
نقاہت سے چہرہ اگر زرد ہے

داستان بیقراری بدر منیر کی بینظیر کے فراق میں اور نجم النسا کے تسلی دینے میں

ستم ہے ستم ہے ستم ہے ستم
کسیکو کبھی دیکھ دھوڈالنا
سر شام چھپ چھپ کے کرتا نگاہ
کہ وہ ماہ مطلق نہ آیا نظر
لگا فرق آنے خور و خواب میں
لگی عقل اور عشق میں ہونے جنگ
لگی چلکے کہنے کہ بدر منیر
مثل ہے کہ جوگی ہوئے کسکے میت
جہاں بیٹھے چالیس ہیں یہ
تو دل پہلے اپنا بھی صدقے کرے

جہاں بیٹھنا آہ کرنا اسے
خواصوں کو بالا بتانا اسے
سو وہ بھی پھر دن سے آوارہ دام
اور اسکا ادھر رنگ گھٹنے لگا
محبت کا سودا سا ہونے لگا
خموشی اٹھانے لگی دل میں شور
تو وہ ہے کہ سینے تئیں سے دو مو
اری چار دن کے ہیں یہ آشنا
تو بھولی ہے کس بات پر ای بوا
اگر آپ پر کوئی شیدا نہو

نہیں اک تیرے پہ یہ لیل و نہار
غرض عاشقوں پر قیامت ہوئی
اوسی نے عالم میں بے اختیار
کہ رو دھو کے یہ رات کاٹی تمام
تو جوں آئنہ رہگئی وہ بھی دنگ
لگی دلکو بہلانے ادھر اور ادھر
نہ سر کی خبر نے بدن کی خبر
جو کنگھی نہیں ہے تو یوں ہی سہی
نظر میں ہے تیوری تجنی کی شام
یوں بگڑی ہے بیٹھی تو گویا بنی
تو وہ بھی ہے اک موج دریا نے
کہ جو رنگ لالہ ہو وقت زوال
دیا آہ ہونٹوں نے کچھ سرد ہے
کہ ہے چاندنی اور ٹھنڈی ہوا
کھنسی دام ہجراں میں بدر منیر
بہانا نزاکت یہ دعوٰی محبت
اکیلی درختوں میں جانا اسے
اسی چاؤ میں بیٹھ کرتی تھی شام
جگر خون ہو مژگان پہ بہنے لگا
جنون تخم وحشت کا بونے لگا
جتانے لگی ناتوانی بھی زور
اکد مردل گیا تیرا اے بوقوف
ملا دل کو آخر کریں ہیں جدا
خبر ہے دوانی تجھے کیا ہوا
تو پھر جا بیٹھے اوسکی پروا نہو

وہ خوش ہوگا اپنی پری کو لیے
عبث اوس پہ میٹھی ہو تم جی دیے

تمھارے ہی سے چاہ ہوتی اگر
تو اب تک وہ تمکو نہ آتا نظر

لگی کہنے تب اسکو بدر منیر
کہ سنتی ہے اے میری دخت وزیر

کسیکی بدی پر نظر عیب ہے
کہ اوسکا خدا عالم الغیب ہے

وہ اپنے دنون سے تو ہے نیک ذات
ہوئی اوسپہ کیا جانیے واردات

ہوا قید یا آنے پایا نہ وہ
گئے اتنے دن اتبک آیا نہ وہ

مجھے رات دن اسکا رہتا ہے ڈر
پری نے سنی ہو نہ یانکی خبر

نہ باندھا ہو اسکو کسی شیشہ مین
کیا ہو نہ اُسکے تئین قید مین

پری نے کہین طیش کھائے ہین
دیا ہو نہ پھینک اوسکو کہ قاف مین

پرستان سے بھی نکالا نہ ہو
کسی دیو کے منہ مین ڈالا نہو

نہ ملنے کے دکھ اُسکے سب مین سہے
بھلا اپنے جی سے وہ جیتا رہے

یہ کہہ حال دل اپنا رونے لگی
گہر آنسوؤن کے پرونے لگی

گئی منہ کو ڈھک مار آخر کو لیٹ
چھپرکھٹ کے کونے پہ منہ کو لپیٹ

خواب دیکھنا بدر منیر کا بینظیر کو کنوین مین اور جوگن بنکر نکلنا نجم النسا کا اُسکی تلاش مین

پلا ساقیا جام جم سے وہ مل
کہ غائب کا احوال ظاہر ہو کل

کہ سنکے تو ہے کام فرخندہ حال
کہ آخر یہ دنیا ہے خواب و خیال

ذرا آنکھ جھپکی جو اُس حال مین
تو دیکھا پھنسا اسکو جنجال مین

قضا نے دکھایا عجب اُسکو خواب
کہ دشمن نہ دیکھے یہ حال خراب

جو دیکھے تو صحرا ہے اک لق و دق
کہ رستم جسے دیکھ ہو جائے فق

نہ انسان ہے وان نہ حیوان ہے
فقط اک کف دست میدان ہے

مگر بیچ مین اُسکے ہے اک کنوان
کہ اُٹھتا ہے آہونکا اوسنے دھوان

کنوین کا ہے منہ بند اوس سے اڑی
گئی لاکھ من کی ہے اک سل پڑی

صدا اوس سے آتی ہے بدر منیر
ترے چاہ غم مین ہوا ہون اسیر

مین بھولا نہین تجھکو اے میری جان
کرون کیا کہ ہے مجھپہ قید گران

پر اس قید مین بھی ترا دھیان ہے
فقط تیرے ملنے کا ارمان ہے

تو اپنی جو صورت دکھا دے مجھے
تو اس قید غم سے چھڑا دے مجھے

نہین مجھکو مرنے سے کچھ اپنے ڈر
یہ غم ہے کہ تجھکو نہووے خبر

تجھے کاش اسوقت مین دیکھ لون
جیون مین اگر تیرے آگے مرون

و لیکن یہ ہے خام میرا خیال
نہین وصل ممکن بغیر از وصال

کوئی دم کا مہمان ہون آجکل
اسی چاہ مین جائیگا دم نکل

یہ سن واردات شہ بینظیر
جو چاہے کرے بات بدر منیر

یہ ہرگز میسر نہ آئی اُسے
قضا نے نہ اُسکی سنائی اوسے

یکایک گئی آنکھ اتنے مین کھل
بھرے اشک رخسار پر آئے ڈھل

نہ وہ چاہ دیکھا نہ ہمراز وہ
پڑی گوش مین پھر نہ آواز وہ

صدا اپنے یوسف کی سن خواب سے
اُٹھی باولی جان بیتاب سے

کہا گو کسی سے نہ اُسنے یہ بھید
رہے جون سحر صبح چہرہ سفید

ڈھلے منہ پہ آنسو لہو اسکے رنج
چھپے چاندنی مین ستارون کے گنج

وہ مہتاب سا چہرہ ہو زرد زرد
سراپا ہوا شکل اندوہ و درد

زبس آہ پنہان سے گھٹنے لگی
تو منہ پر ہوائی سی چھٹنے لگی

مژہ وہ نکیلی جو تھی تیز سی
ہوئین اشک خونین سے گلریز سی

بھبھوکا سا قد تھا جو رشک انار
نکلنے لگے اوس سے شعلے ہزار

چلین اُسکی آہون سے کل صورتین
ہوئین سرب و مٹی کی جون مورتین

چھپایا بہت اُسنے پر ہمنشین
چھپانے سے آتش چھپے ہے کہین

کسی سے کسیکو جو ہوتی ہے لاگ
بغیر از کہے اور لگتی ہے آگ

خواصین کئی وہ جو ہمراہ اوتھین
بڑی خدمتون مین سرفراز تھین

کہا اُسنے رو رو کے احوال خواب
رلایا انھین پڑھکے غم کی کتاب

سنا جبکہ نجم النسا نے یہ حال
ہوئی بیقراری تب اوسکو کمال

لگی کہنے وہ یون نہ آنسو بہا
ترے واسطے مین نے اب دکھ سہا

اب اس سر بصحرا نکلتی ہون مین
اُسے ڈھونڈھ لانیکو چلتی ہون مین

جو باقی رہا کچھ مرے دم میں دم
کہا شاہزادی نے سن اے رفیق
رسائی تری ہوگی کیونکر وہاں
وگرنہ میں کڑھ کڑھ کے مرجاؤنگی
میں اس عشق کا یہ نہ سمجھی تھی ڈول
یہ کہہ وسنے رو رو کے تار اسکا
پھر آئے جو کچھ اسکو ہوش و حواس
کئی سیر موتی جلا راکھ کر
زری کے دوپٹے سے چھانی کے ہاتھ
لگی بیچ ڈال اپنے بالونکے تئین
لٹین دیکھ بل دیکھ پر چھوڑدین
زمرد کی سمرن کو ہاتھوں میں ڈال
چلی بنکے جوگن وہ باہر کے تئین
اُس آئینہ رو کا کروں کیا بیان
چھپانے کو سوانگ اُسنے جو جو کیے

تو پھر آکے یہ دیکھتی ہوں قدم
ہوئی میں تو اس چاہ غم میں غریق
مجھے بھی نہ کے ہاتھ سے میری جان
اسیطرح جی سے گذر جاؤنگی
ترے غمسے آنے لگا مجھکو ہول
کیا اپنی پشواز کو تار تار
سجا تن پہ جوگن کا اُسنے لباس
بھبھوت اپنے تن پر ملی سر بسر
بدنکو چھپا اور گاتی کو باندھ
پریشان کر اپنے بالونکے تئین
وہ بائین سی شبدیز کی موڑ دین
اور اک بین کاندھے پر اپنے سنبھال
دکھاتی ہوئی چال ہر سرکے غمز
صفا راکھ سے اور چمکی وہاں
غرض حسن نے اور جلوے دیے

وگر مر گئی تو بلا سے موئی
بھلی خلق اپنی نہ کھو جان تو
میں جتنی ہوں اس آئی سر پر فقط
کہا اوسنے کیا کیجیے پھر بھلا
مجھے دیکھنا یوں گوارا نہیں
گریبان کو مثل گل چاک کر
پہن سیلی اور گیروا اوڑھ کھیس
پہن ایک لہنگا زری باف کا
زمرد کے مندرے لگا کان میں
زری کا بنا حلقہ سر پر رکھا
مے غم سے آنکھوں کو کر لال لال
جو منکے تھے تن کے اسے کر درست
تف سوز دل کا عیاں منہ سے ملا
کرے حسن کو کسطرح کوئی ماند
وہ موتی کی سیلی وہ تنگی بک

تو یوں جانیو مجھپہ قدغن ہوئی
کہ ہے وہ پری اور انسان تو
کہ ہوتا ہے تجھ سے مرا غم غلط
پڑی ہی تو اپنے ہی سر پر بلا
اس اندوہ کا مجھکو چارا نہیں
دیا خاک پر پھینک ادھر اودھر
چلی بنکے صحرا کو جوگن کا بھیس
وہ پردہ سا کر اس تن صاف کا
کہ جو سبزہ گل ہو گلستان میں
کیا سنبلستان کو جگمگا
رکھا چشم میں جون دل کو نکال
پہن آئے موقع سے چالاک و چست
اوڑاتی چلی اپنی آہوں سے رال
چھپے ہے کہیں خاک ڈالے سے چاند
شب تیرہ میں کہکشان فلک

تصویر وزیرزادی کا جوگن بننا تلاش میں شاہزادے کے سامنے شاہزادی اور خواصوں کے



زری کا وہ حلقہ سر اوپر دھرے / کہ جوں شب میں کوئی انیٹی کرے
کرے جو کہ تقویم دیکھے حساب / کہ سنبلہ میں گیا آفتاب
زمرد کے مندرے وہ اس آن پر / کہوں کیا کہ جیسے کھلے کا نیر
اٹھے سبزہ و گل کے دیکھ اسکو ہو تنگ / وہ دونوں ہوئے اسکے حلقہ نگوں
بڑے کیوں نہ ہر دم زمرد کی شان / حباب ایسے کیسے لگے جا کے کان
گلابی سے وہ نرگس شوخ رنگ / بھرے جسمیں لالا کے لائے کہ رنگ
ادا اسکی دیکھے جو عاشق کیسے / تو رویا کرے چشم سے وہ لہو
دیار محبت میں مہنگی تھی وہ / نہ تھی میں عشرت کی بہنگی تھی وہ
سو وہ میں کاندھے یہ کھو یوں چلی / کہ لاوے کوئی جیسے گنگا چلی
نہ عاشق ہوئے اسکے عالم پہ کیوں / دوانہ ہوا جو کہ دیکھے اسکا جوگ
وہ رخصت جو اسطرح ہونے لگی / تو وہ صاحب خانہ رونے لگی
جہاں تک بندھا اسکے رونیکا تار / لیے پھوٹ دیوار و در ایکبار
نہ دیکھا کسی نے جو کچھ اختیار / کہا حق کو سونپا تجھے سو بار
کسی نے کہا جو نہ تو مت مجھے / خدا کے تئیں میں نے سونپا تجھے
تمھیں بھی خدا کو میں سونپا ہوں / مر الجیو تم کہا اور سنا
نہ سدھ بدھ کی تھی اور گنگ کی / نکل شہر سے راہ جنگل کی لی
کہ شاید کوئی شخص ایسا ملے / کہ جس سے وہ شیدا کا شیدا ملے
بجاتی وہ جوگن جہاں جو گیا / تو واں بیٹھ خلق دھونی رما
گل نغمہ جو اس سے گرتے ہزار / تو لیتا اسے دشت دامن پسار
بجاتی تھی جوں جوں وہ بن بیٹھ بیر / حسن و خار سنتے تھے بن بیچ میں
تماشا نہ دیکھا تھا جو یہ کبھی / درو دست عشق میں پڑتے تھے سبھی
گل نغمہ ترکی یہ تھی بہار / کہ صحرا کے گل اسکے آگے تھے خار
نہ پائی تھی جس شور اسکا چلے / کنوئیں کے بھی دلمیں اٹھے ولولے
ہوا ملتیں و گل کا پانی ہجوم / کہ گرتی تھیں ڈالیاں جھوم جھوم
تمیں گرتے پھرتے تھے جنگل کے تئیں / ابنا تھے جنگل میں دیکھے تئیں

زبانوں کو بھائی جو اسکی ادا / تو اس رات پریوں کو صدقے کیا
یہ برق اور یہ ابر یہ ہے اگر / تو دامان عشاق ہو تینگ تر
وہ مندرے وہ تن اسکا خاکستری / ہوئی حسن کی اور کھیتی ہری
نظر کر صفائی کو اس گوش کی / زمرد کو اس گوش کی لو لگی
وہ موتی کے مالے وہ مونگے کی لا / گل و نسترن کی چمن میں بہار
وہ قشقہ کمنڈل سرخ ہاتھ یوں / پڑے نور پر لعل کا عکس جوں
یہ بین اسکے کاندھے یہ بھی جو تھا / بھی جوں تونبی مست شیشہ اٹھا
نہ تھی بین تھے قمقمے رنگ کے / دیا تھے سبو بحر آہنگ کے
ہر اک تار تھا بین کا رود نیل / وہ تھی ہند کے راگ کی سلسبیل
بنی جبکہ جوگن وہ اس رنگ سے / لگے پھوڑنے دوست سر سنگ سے
وہ رو رو کے دو ابر غم یوں بہے / کہ جسطرح ساون سے بھادوں بہے
کھڑے تھے وہ جوگن کے جو گرد اگل / وہ رو رو ہوئے شبنم آلودہ گل
چلی جسطرح بیٹھ اپنی دکھا / اسیطرح دکھلا میں منہ پھیرا
کہا اسنے خیر اب تو جاتی ہوں میں / جو ملتا ہے تو اسکو لاتی ہوں میں
جدا ہو کے القصہ وہ تو ٹکڑو جوڑ / چلی اپنے گھر بار سے منہ کو موڑ
لیے بین پھرتی تھی صحرا نورد / تن چاک چاک اور رخ گرد گرد
جہاں بیٹھ کر وہ بجاتی تھی بین / تو سننے کو آتے تھے آہوئے چین
اسے سنکے آتا تھا صحرا کو خوش / صدا سے درختوں کو آتا خروش
کہیں حلقہ حلقہ کہیں سخت سخت / کھڑے ہو کے گرد اسکے سنتے درخت
نظر جو کہ پڑتی تھی بوٹی جڑی / ہر اک عالم شوق میں تھی کھڑی
یہانتک رہ میں جو تھے نقش پا / وہ بیٹھے تھے کان اپنے ادھر لگا
سن آواز کی اسکی شان و شکوہ / نکلنے لگی دب کے آواز کوہ
نہ چشمے ہی کچھ آبدیدہ رہے / گریبان کر چاک دریا بہے
تحیر کا تھا واں ہر اک کو مقام / زبان کا کھلا تھا تو سیح کام
یہ ہر جا یہ تھا اسکے دم سے طلسم / بندھا تھا اسیدم قدم سے طلسم

(۴۰)

شب و روز سرگشتہ مثلِ صبا
کدھر ہے تو اے ساقیِ گلعذار
کوئی پھول سی دے شتابی شراب
مسبب کے اسباب دیکھو ذرا
جہاں میں ہے اندوہ و عشرت بہم
قضا کو سہانا سا اک دشت تھا
کبھی ہر طرف چادرِ نور تھی
کدارا بجانے لگی شوق میں
بندھا اسکے اسطرح کا سماں
وہ اُجلا سا میدان چمکتی سی رت
درختوں کے سایے سے مہ کا ظہور
گیا ہاتھ سے مَین سنکر جو دل
ہوا بندھ لگی اسکو ہی اس اصول
کدارے کا عالم تھا یہ اسکو ہی
کہ تھا اک پریزاد فرخ سیر
ہوا پر اُڑاتے ہوئے اپنا تخت
یکایک سنی مین کی جو صدا

داستان فیروز شاہ جنون کے بادشاہ کے بیٹے کا عاشق ہونا جوگن پر

کہ شہرِ مطالب کو پہونچوں شتاب
کہ قدرت میں اوسکی ہے کیا کیا بھرا
کہیں صبحِ عیش و کہیں شامِ غم
کہ اک شب ہوا اسکا وان پر گذر
یہی چاندنی اسکو منظور تھی
لگی دست و پا مارنے ذوق میں
صبا بھی لگی رقص کرنے وہاں
اگا نور سے چاند تاروں کا کھیت
گرے جیسے چھلنی سے چھنچھنکے نور
گئے سایۂ و نور آ بستین مل
بسیرا گئے جانور اپنا بھول
کہ تھی چاندنی ہر طرف غش پڑی
جنون کے تھا وہ بادشہ کا پسر
کسیطرف جاتا تھا فیروز بخت
وہاں تخت لا اُسنے اپنا رکھا

وہ دارو پلا دل کو جو راس ہو
سفید و سیہ اسکے ہے اختیار
دورنگی زمانے کی مشہور ہے
وہ تھی اتفاقاً شبِ چاردہ
بچھا مرگ چھالے کو اور تکیے میں
کدارا یہ بجنے لگا اوسکے ہاتھ
وہ سنسان جنگل وہ نورِ قمر
درختوں کے پتے چمکتے ہوئے
وہ پایہ کہ جوگن کا منہ دیکھکر
وہ صورت خوش آئی جو اوس جوگی کی
درختوں نے لگ لگ کے بادِ صبا
یہاں اسکا تو عالم تھا اور طور یہ
نہایت طرحدار صاحب جمال
وہ جاتا تھا گرتا ہوا اس پہ ماہ
جو دیکھے تو جوگن ہے اک شکر ریز

اسیطرح پھرتی تھی وہ جابجا
کہ صحرا سے اب دل ہوا خار خار
کہ جینے کی بیمار کو آس ہو
بنایا ہے اُسنے یہ لیل و نہار
کہیں سایہ ہے اور کہیں نور ہے
اداسے وہ بیٹھی وہاں رشکِ مہ
دو زانو سنبھل کر وہ زہرہ جبین
کہ مہ نے کیا دائرہ لیکے ساتھ
وہ براق سا ہر طرف دشت و در
خس و خار سارے جھمکتے ہوئے
ہوا نور سایہ کا ٹکڑے جگر
دل اپنے پہ سایہ نے منظور کی
لگی وجد میں بولنے واہ واہ
تس اوپر یہ مزا تم سنو اور بھی
برس بیس اکیس کا سن و سال
اسے خلق کہتی تھی فیروز شاہ
کہ چشمِ فلک نے نہ دیکھا یہ نور

تصویر جنون کے بادشاہ کے بیٹے کی مع دو جنوں کے اور جوگن سامنے بین بجاتی ہوئی



نظر کر کے حسن اوسکا غش کر گیا
تعشق کے عالم میں بس مر گیا

بڑا تمنے ایسا کہو کیا سجوگ
کیا واسطے کسکے تمنے یہ جوگ

وہ سمجھی کہ اسکا دل آیا ادھر
کہ دل بھی تو رکھتا ہو دلکی خبر

لے راگ ہے اور رانین ہوا
کہ دونوں طرف آگ دبی ہو لگا

کہا تب پریزاد نے واہ جی
بہت گرم ہیں آپ سُدھ جی

کہا ہیوتے سوتے سے اپنے کہو
فقیر انکو چھیڑو نہ بیٹھے رہو

گیا بیٹھو آسامنے ریت میں
رہا کھیت یہ تو اُسی کھیت میں

رہا تن بدن کا نہ کچھ اوسکو ہوش
بنا گل وہ جوں نقش پا چشم و گوش

نہ سدھ بدھ کی کی اور نہ لی راہ کی
جب آئی ذرا سُدھ تو پھر آہ کی

ادھر تان پر بین کی تھی بہار
بندھا تھا اُدھر اُسکے رونیکا تار

پریزاد نے تب پکڑ اُسکا ہاتھ
شتابی بیٹھا تخت پر اپنے ساتھ

نہ مانا اور اُسنے اُٹھایا اُسے
پرستان میں لا کر بیٹھایا اسے

یہ جوگی جو ہیں ایک صاحب جمال
ذرا ہیں سنیے اور لگے خیال

کہا اُس نے بابا بہت خوب ہے
ہمیشہ سے راگ انکا مرغوب ہے

کھلے بخت بیٹے کے اور باپ کے
سر و پر ہمارے قدم آ گئے

یہ سمجھا بناوٹ کا کچھ بھیس ہے
لگا کہنے جوگی جی آدیس ہے

کدھر سے تم آئے کہاں جاؤ گے
دیا اپنی ہمیں بھی فرماؤ گے

حسن و خار ہو عشق حسن آگ ہے
سدا عشق اور حسن میں لاگ ہے

کہا ہنسکے جوگن نے ہر بول ہر
جہاں سے تو آیا چلا جا ادھر

نہ رو کچھی ہوا اتنی بھلا جاؤنگا
ذرا ہیں بھی سنکر چلا جاؤنگا

یہ دو دو لطیفے جو باہم ہوئے
اُسی لطف میں یہ تو بیدم ہوئے

نظر حسن پر گاہ گہ بین پر
سراپا دل اُس لعبت چین پر

وہ جوگن جو تھی درد و غم کی اسیر
ہوا غم میں جوگن کے یہ بھی اسیر

بجاتی رہی بین وہ صبح تک
یہ رویا کیا سامنے بیدھڑک

دھری اپنے کاندھے پہ جب سُنتے ابیر
اُٹھی لیکے انگڑائی زہرہ جبین

زمین سے اوٹھا آسمان تئیں
وہ کہتا کہا کی ہیں ہے نہیں

یہ مژدہ گیا باپ پاس اپنے
کہا عرض رکھتا ہوں میں آپ سے

بہت آپ نے اُٹھائے حظ
بہت ہیں سے اوسکی پائینگے حظ

کہا آؤ جوگی جی بیٹھو ادھر
کرو روشن اپنے قدم سے یہ گھر

بہت اوسکی تعظیم و تکریم کی
جگہ ایک پاکیزہ رہنے کو دی

پلا مجھکو ساقی محبت کا جام
کہ مہمان ہیں ہوا دن تمام

داستان فیروز شاہ کی مجلس آرائی اور جوگن کے بلا بھیجنے میں

یہ جوگن جو بیٹھی پر دگن ہوئی
کہ اتنے میں رات آئی جوگن ہوئی

دکھاتی ہوئی سوز دل دور سے
اوڑاتی ہوئی رال کو نور سے

ہوئی شب کو وہ بزم انجم فروز
چھپا رشک سے اوسکے پردے میں روز

پریزاد سارے ہوئے جمع وان
کہ دیکھیں تو جوگن کا جا کر سمان

بہت ہنتو نسے بلایا اُسے
بڑی عزتوں سے بیٹھایا اُسے

کہا کچھ سجانا نہیں اپنا کام
ہر اک طرح لینا ہمیں ہر کا نام

کہا جوگی صاحب یہ کیا بات ہے
کرم آپ کا ہمیدن رات ہے

کہا اسطرح سے جو فرماؤ گے
نوہاں بندگی ہی میں کچھ پاؤ گے

کھڑے رہگئے ہوش کھوئے ہوئے
نظر جو پڑے وان سو روتے ہوئے

بھبھوت اپنے منہ پر تستانی سے مل
رکھا انکو دیکھو کہ شب آئی نکل

ستاروں کے ہار گلے بیچ ڈال
وہ پہونچی پرستان میں حال حال

لگا نے پرستان میں مجلس بنا
بلایا اُسے جسکی تھی یہ بنا

وہ جوگن جو سج سج تھی زہرہ جبین
سو مجلس میں آئی لیے اپنی بین

کہا ہم ہیں مشتاق کچھ گائیے
سمان ہیں کا ہمکو دکھلائیے

ہے بیزار فرمائشوں سے فقیر
لے کیا کریں اب ہوئے ہیں اسیر

جو مرضی ہو تو تمکو تکلیف دیں
نہیں جسمیں راضی ہو تم سو کریں

یہ کہہ سُنے اور بین کاندھے پہ دھر
بجا تنک بجائی کہ دیوار و در

گیا اہل مجلس کا جو دل پگھل
تو جوں شمع اشک آئے اُسکے نکل

ہوئین ہیں پہ انگلیاں یون منہ اون
ہوا حال پر اوسکا یہ کچھ تباہ
ستون کے کبھی اوٹ مین ہوکے وہ
وہ کچھ بھی نہ سنتی نہ کہتی اُسے
اسی آن وہ ادا پر وہ فیروز شاہ
غرض تھی یہ صحبت کہ مین کیا کہون
سراپا پریزاد کے باپ نے
مقدم ہمارا رچھانا کرو
تکلف کو موقوف کر دیجیے
کہان تم کہان ہم ہوا یہ جو ساتھ
لگی رہنے اوسمین شب و روز وہ
یہ سمجھ کہ تا کردگار جہان
پھر رات تک ہنستی اور بولتی
دلے کیا کہون حال فیروز شاہ
اوسی شمع کے گرد پھرنا اُسے
اسی طرح اوقات کھونا اُسے
دلے کچھ بھی پاتی جو حسن طلب
کیا اُسنے پردہ مین جب کچھ سوال
کبھی ٹیڑھی نظروں سے مارا اُسے
کبھی منہ چھپا یا دکھایا کبھی
وہ ہر چند آنکھین دکھاتی رہی
اسیطرح مدت گئی جب اُسے
جگر خون ہو آنکھوں سے آیا نکل
جو کہتا ہوا اوس سے تو کہتا دل
بلا کر تو اب دست افسوس کو

کہا تھونسے اُسکے ہو دل لیے وان
وہ عاشق جو تھا اُسکا فیروز شاہ
کھڑا دیکھتا اُسکو رو رو کے وہ
کنکھیون سے پر دیکھ رہتی اُسے
دل و جان سے کرتا تھا ہر لحظہ آہ
یہی دل تھا اسکا کہ دیکھا کرون
کہا گن دیا جوگی جی آپ نے
ہمین اپنا معشوق جانا کرو
جو کچھ تمکو درکار ہو لیجیے
یہ تھی بات سب آپ دیوانہ کے ہاتھ
سمجھ جسمین کچھ کچھ دل افروز وہ
درین آہ شکار اجیه دار دہان
ہر اک بات مین قند تھی گھولتی
کہ تھی وان بدن اُسکی حالت تباہ
پتنگے کے مانند گرنا اُسے
سدا ہین سن ہنسکے رونا اُسے
تو عاشق یہ غصہ وہ کرتی غضب
دوبارہ کیا اُسکو باتون مین ڈال
کبھی سیدھے دل سے پکارا اُسے
کبھی مار ڈالا جلایا کبھی
یہ نظروں سے دل کو لبھاتی رہی
پڑی گرمی عشق کی تب اُسے
گیا دل سب اندر ہی اندر پگھل
کہ اب تنگ ہے اپنا احوال دل
بچارہ ملے تنگ ناموس کو

رہا ان وہ ان کر دیا جان کو
کبھی سامنے آکے کرتا نظر
کبھی ادہر اودھر سے پھر پھر کے آ
نظر اُسکی جب آن پڑتی ادھر
اگر کوئی جوگن کی کرتا ثنا
بچی بیلی صحبت مین ان ایسی مین
اسی طرح ہر شب کرم کیجیے
یہ گھر بار ہے آپ ہی کا تمام
کہا اسنے مطلب نہین کچھ ہمین
یہ کہہ کر وہان سے اوٹھی وہ جوگن ادھر
کہا اپنے جی سے کہ سنتا ہو جی
غرض اسطرح اوسکا معمول تھا
بجانے مین سبکو رجھاتی تھی وہ
نہ دنیا کی اسکو نہ دین کی خبر
بہانے سے ہر کام کے روز و شب
وہ جوگن بھی سو سو طرح کر ادا
کبھی خوش کیا اور کہا کہ ذرا
کبھی تیکھی نظروں سے گھائل کیا
کبھی ہنسکے دیکھا ذرا خوش کیا
لٹو نین کبھی دل کو لٹکا دیا
بچارا پریزادہ وہ سادہ دل
نہ منہ پر وہ عالم رہا اور نہ نور
لیے پردہ دل سے جی نے صدا
سنبھل جا ہوا اب بھی تو خاطر سنبھل
یہ سن جی کا پیغام مجبور رہو

رولایا ہر اک جن و انسان کو
کبھی دیکھتا چھپ کے ادہر ادھر
چھپے اسکے ٹکڑے کی لیتا بلا
تو یہ اور کیطرف کرتی نظر
تو کھا رشک کہتا کہ پھر تمکو کیا
کہ غش کر گئے وہ جو تھے نکتہ چین
بھری بزم رشک ارم کیجیے
ہوئے آج سے ہم تمہارے غلام
تمہارا مبارک رہے گھر تمہین
دیا تھا جہان اُسکے رہنے کو گھر
نہ گھبرائیو اپنے دل مین کبھی
کہا اس شاہ پری کی خدمت مین جا
پہر کے بجے گھر مین آتی تھی وہ
اُسیکے تصور مین شام و سحر
وہین کاٹتی اُسکو اوقات شب
ہر اک تان مین اُسکو لیتی لبھا
کبھی وہ بیٹھی کبھی اسکے پاس
کبھی میٹھی باتوں سے مائل کیا
کبھی ہو کے غمگین ناخوش کیا
کبھی ساتھ پاؤں کے جھٹکا دیا
ادا میں بیچ انسان کے متصل
گئی دن مین دل ہلکو گیا جو جگر
کہ ہو صبر کی اپنے لب انتہا
نہین کوئی دم مین چلا مین نکل
کہا اپنے نزدیک کو دور رہو

بلا سے اگر آن رہتی نہین
نہ تہا اُسکے گہر کوئی اید ہر اودہر
گرا اسطرح سے قدم پر جو وہ
کسی نے ترا دل ستایا کہین
فقیرون سے اتنا نہ ہو تو خفا
لگا کہنے رو رو کے فیروز شاہ
ستائے ہوئے کو ستاتی ہو کیا
تم اپنا سا مجھکو سمجھے رہے
کہا اُس نے کہہ تو شتاب اپنا حال
بھلا ہجر مین کب تلک ہوون ملول
مطالب اگر میرے بر لاوے تو
کہا اوس نے یہ ہے مری داستان
جہان مین ہے بدر منیر اسکا نام
جدا باپ سے تھی وہ اسجا مقیم
جدا ایک دم اُس سے ہوتی نتھی
کسی طرحکا غم نتہا دھیان مین
کہانتک کہون اوسکا قصہ ہے دور
وہ عاشق اسیر تھی کوئی پری
دیا قید مین اسکو ڈالا کہین
پریزاد آپسمین تم ایک ہو
دل آباد ہو جی کو آرام ہو
کہا پہر یہی کچھ نہین مرحبین
کہ جاؤ تو ڈھونڈھو کرو مت کمی
یہ سن اپنے سردار کا وہ کلام
وہ روتا جو تھا نالہ و آہ سے

کہ اب بن کہے جان رہتی نہین
اکیلی پڑی اسکو جو گن نظر
تو کہنے لگی مسکرا اسکو وہ
دیا جی کو تیرے لُبھایا کہین
چلے ہم بھلا جا ترا ہو بھلا
کہ بس بس یہی تو کہوگی نہ واہ
جلے دلکو ناحق جلاتی ہو کیا
بھلا تمکو اب یان کوئی کیا کہے
کہ تو کیون گرا سر کو پاؤن پہ ڈال
غلامی مین اپنی مجھے کر قبول
تو شاید مراد اپنی بھی پاوے تو
کہ شہر سراندیپ ہے اک مکان
مین رہتی ہون خدمتمین اسکے مدام
سدا سیر کرتی تھی بیخوف و بیم
سلائے بغیر اسکے سوتی نتھی
ترقی خوشی کی تھی ہر آن مین
نہ تھا آدمی نور کا تھا ظہور
محبت مین تھی اسکی وہ بھی بھری
کہ مدت سے اسکی خبر کچھ نہین
اگر تم ذرا کھوج اسکا کرو
تمہارا بھی اس کام مین کام ہو
لگی ہنسکے کہنے نہین رہنیر
کہ ہے اک پرستان مین قید آدمی
تجسس مین پھرنے لگے صبح و شام
تو کچھ اُسکو آئی صدا چاہ سے

غرض ایکدن بات یہ ٹھانکر
اکیلی اسے دیکھ ہو بے قرار
کہ ہے آج یہ کیا خلاف قیاس
مرے بیٹھنے سے اذیت ہوئی
اذیت اگر ہمسے پاتا ہے تو
تمہاری سمجھ نے تو مارا ہمین
ہوئین تم نہ واقف مرے حال سے
تم ایسی ہی بیرحم و بیدرد ہو
کہا تب پریزاد نے میری جان
لگی ہنسکے کہنے کہ اک طور سے
کہا اوس نے پھر جلد فرمائیے
ملک ایک ان کا ہے مسعود شاہ
بنایا ہے اُسنے الگ ایک باغ
مین نجم النسا اسکی دختر ومہ
خوشی سے سروکار غم سے فراغ
ہوئی ایکدن یہ عجب واردات
گیا اُسپہ وہ شہزادیکا دل
کہین وانکے آنے کی سنکر خبر
سو مین کھوج مین اسکے جوگن ہوئی
تو شاید مدد سے تمہاری ملے
کہا تب پریزاد نے ہاتھ لا
یہ سن قوم کو اپنی اُسنے بلا
جو تم مین سے لاویگا اُسکی خبر
ہوا ایک کا ناگہان واں گذر
کہا کچھ تو ملتا ہے پانے سراغ

لگا گہات پر اپنی وہ آنکر
گرا پانو پر اسکے بے اختیار
گرا اتنا تو ہوسکے کیون بے حواس
کہ مہمانونکی مصیبت ہوئی
کہ اب پانون پڑ پڑ کے اٹھاتا ہے تو
یہ باتین نہین اب گوارا ہمین
فدا مین ہے جان اور مال سے
غرض اپنے عالم مین تم فرد ہو
کہانتک کرون راز دلکو نہان
جو میری کہانی سنے غور سے
جو کچھ آپ سے ہو بجا لائیے
کہ بیٹی ہے ایک اُسکی مانند ماہ
کہ فردوس کا ہے وہ چشم و چراغ
ہمیشہ سے ہمراز تھی اور مشیر
برنگ چمن رہتی تھی باغ باغ
کہ اک شخص وارد ہوا ایک رات
گئے ایک دونون وہ آپسمین مل
خدا جانے پھینکا ہے اسکو کدہر
یہانتک تو پہونچی بروگن ہوئی
تو پھر آرزو بھی تمہاری ملے
انگوٹھا دکھایا کہ اترا نجب
تعقید سے سبکو بلا کر کہا
جواہر کے دونگا لگا اُسکے پر
جہان قید مین تھا وہ خستہ جگر
کہ آتی ہے یان کو بوے گلزار باغ

وہ جو کی کے جو دیو تھے جابجا
وہ تحقیق کرا دے اونکا بھید
کہا میرا مجرا ہے اب لا کے یہ
یہ معمول تھا وانکے انعام کا
یہ بھیجا پھر اس ماہرخ کو پیام
ترے پا کو گر لکھوں تیرا حال
ترا رنگ غیرت سے اڑتا نہین
بھلا چاہتی ہے تو اُسکو نکال
گیا ماہرخ کو یہ فرمان جب
اگر اب مین لا کو ہون اُسکی کبھی
گئے باپ کو پھر نہو وے خبر
سر چاہ پر جب وہ ہو بخار فیق
وہ پتھر جو تھا کوہ سا سنگ راہ
اندھیرے سے اس چاہ کے اسکا تن
نکالو امانت اسے اس نمط
تمھین اختیار اسکی اب ہے ہر طور
قدح بھر کے لا ساقی بے تمیز
گلابی جھلکتی پلا دے مجھے
کوئی دیو تھا وان سکندر نژاد
لے آیا وہ جون خضر سو گھات سے
اندھیرے سے نکلا وہ روشن بیان
رس اپر آنے کا تھا اُسکو غم
نہ آنکھون مین طاقت نہ تن مین توان
وہ سیر مین جو تھے اُسکے سنبل بال
بدن سے رگون کی تھی اُس سب نمود

لگا پوچھنے کسکی ہو یہ صدا
کہا ماہرخ کا ہو قیدی یہان
اڑا شہر کو اپنے دیو سفید
کیا جاکے فیروز شہ کو سلام

داستان پیغام بھیجنے مین فیروز شاہ کے ماہرخ کو

کہ کیون زیست کرتی ہے اپنی تمام
تو کیا حال ہو تیرا اے جھنا کل
تجھے کیا پریزاد جڑتا نہین
کنوئین مین جسے تو نے رکھا ہے ڈال
ہوئی خوف سے وہ پریشان تب
تو پھر بھو نکے سچ مجھے تم تبھی
کہ پھر مین نہ ادھر کی ہون نہ ادھر
کہا اُنکو تھے وہ جو اسکے شفیق
دیا پھینک اُنے اوسے کل ماہ
نظر یون پڑا جیسے کالے کا من

نہی آدمی کو تو چوری سے لا
عزیز اپنی رکھتی نہین جان کو
ہمارا گئی بھول خوف و خطر
اور اسکی قسم کھا کہ پھر گر کہین
کہا مجھسے تقصیر اب تو ہوئی
بڑا تنا یہ احسان مجھپہ کرو
یہ سنکر جواب اسکا فیروز شاہ
کہ یہ سنگ اُکھڑے یہاں سے چلے
وہ بادل اس اثر کا جو اوس جاہ سے
وہ من ڈھانے آئین پڑا تھا جو ان

داستان کنوئین سے نکلنے مین بینظیر کے

کنوئین سے نکلتا ہے یوسف عزیز
سمان کوئی ایسا دکھا دے مجھے
کنوئین مین اُتر کر بحب مراد
نکال آب حیوان کو ظلمات سے
کہ حرفون سے جون ہو وے معنی عیان
گئے تو کہ بھرتا تھا او پر کا دم
کہ جون خشک ہو نرگس بوستان
ہوئے لاغری سے بدن کے وبال
کہ وہ بھی ہو جون آسمان کبود

گئے دن خزان کے اور آئی بہار
کہ وہ ماہ نخشب کنوئین سے نکل
الگ یون لے آیا کنوئین سے نکال
ہوئی مست اس کی خوشبو سے وہ گل
وہ بھتیا تو نکلا وے اس طرح
جمی خاک تن پر برنگ زمین
وہ تن سرخ جو تھا سو پیلا ہوا
فقط پوست باقی تھا اور استخوان
بدن خشک و زرد اسطرح تھا وہ گل

کنوئین مین تجھ بن ہاں اک نوجوان
سن آیا جو کچھ تھا سنایا کلام
جو دینے کہا ہے سو دیو آئیے
جو اہر کے اوسکو لیے پر لگا
بٹھاتی ہے گھر مین نقش جتا
یہی ہے کہ بھونکون پرستان کو
لگی رکھنے انسان پر تو نظر
لیا نام اُسکا تو پھر تو نہین
کہو اسکو بچاے یا نئے کوئی
لا اسکا پرستان مین جرچا نہو
چلا اپنے گھر سے جہان تھا وہ چاہ
کسی طرح چھاتی سے پتھر ٹلے
تو اک نور چمکا شب ماہ سے
کہا اُس پریزاد نے سب کو ہان
کہ لیتے ہین بو مشک سے جس نمط
سمجھو اسے آہنی پتلی کا نور
لے نالہ گون سے دکھلا دو زال
منازل کو اپنے پھرے بر محل
کہ فوارہ جون آب کو دے نکال
کہ نکلا وہ سنبل سے مانند گل
کہ بیمار ہو نزع مین جسطرح
گرڑا جیسے نکلے ہے پتلا کہین
وہ جوڑا جو تھا سبز نیلا ہوا
نہ تھا خون کا رنگ بھی درمیان
خزان دیدہ ہو جسطرح برگ گل

تصویر کنوئین سے نکلنا بنظیر کا بحکم شاہزادہ اجنہ کسبی وزیر زادی نجم النسا کے



دو ناخن جو تھے اسکے تن میں ہلال
سو وہ ہو گئے پیٹ کے بدر کمال

سنبھالا تخت پر اپنے اسکو وہان
لے آیا وہ بیٹھی تھی جوگن جہان

جلی ہے تو کہین اسکو لایا یہان
یہ سنتے ہی گھبرا کے بولی کہان

کہا جل گئی کہان ہے بتا تو مجھے
ذرا اسکی صورت دکھا تو مجھے

یہ کہہ اور لے ہاتھ مین اسکا ہاتھ
لے آیا وہ جوگن کو وان ساتھ ساتھ

جسے ڈھونڈھتی تھی یہ سو ہے وہی
کہا ہان ارے ہان یہ ہی ہے وہی

کہ اِس تخت کے گرد آ کدم پھرون
بلائین مین دل کھو نگر اسکی لون

کہا اسنے تب اپنی جوتی دکھا
ارے دیو تو کیون دوانہ ہوا

یہ اس تخت کے گرد پھرنے لگی
بلا اسکی لے لیکے گرنے لگی

وہ دیکھے جو ٹک آنکھ اُٹھا کے نظر
تو نجم النسا ہے یہ دخت وزیر

کہا تیرے غم نے دوانہ کیا
کہ عالم سے اپنے بیگانہ کیا

بیان حال دونو جو کرنے لگے
دو را اشک سے چشم بھرنے لگے

یہ مہ منظر اپنے دلسوز سے
لگا شاد ہونے اُسی روز سے

اسی تخت پر شہزادہ اُدھر
کہ تھا نقش مطلوب اسکا جدھر

پڑھے حرف مطلب جو کچھ سوچا کیے
تب اکسر بیٹھے مثلث کے گھر

یہ دیکھا جو احوال اسکا تباہ
تو رونا ہوا جلد فیروز شاہ

رکھا تخت اک جا پہ اسکا چھپا
کہا پھر یہ جا کر کہ نجم النسا

دوانی تھی از بس وہ اُس نانونکی
نہ سمجھی کہ ہے شہزادہ یا نونکی

کہا اسنے چلیو ذرا تھم رہو
کہ شادی بڑی ہے کہین غم نہو

کیا آپ اس تخت پر بیٹھ اور
دکھایا اوسے اور کہا کر تو غور

یہ کہہ اور اس تخت کے پاس آ
کہا اے پریزاد تو اُٹھ ذرا

کہا اسنے ہنسکر بھلا دیکھ تو
تو اس بات پر ہیرے صدقے نہو

غرض وہ پریزاد نیچے اوتر
کھڑا ہو گیا تخت سے ہو اُدھر

گلے لگ کے رونے لگی زار زار
گیا اپنے تن من کو اُسپر نثار

کہا تو کہان اور کسکا یہ جوگ
کہان یہ لباس اور کہان ہم یہ لوگ

بغل گیر ہو کر تو آپس مین مل
وہ رویا کیے دیر تک متصل

کہی سرگذشت اُسنے استدر تلک
کہ اسطرح پہونچا ہون تم تک

کیا ایکدن تو انھون کے مقام
چلے دوسرے دن وہ نزدیک شام

وہ جوگن وہ فیروز شاہ اور وہ ماہ
چلے تخت پر بیٹھ اوپر کی راہ

مربع نشین تھی جو بدر منیر
وہان اسکو لائی وہ دخت وزیر

اوتارا جو پریاں درختوں میں تخت
دوبارہ کھلا اُن درختوں کا بخت
اکیلی اُتر واں سے آئی ادھر
لیے سوگ بیٹھی تھی وہ جس جدھر
یکایک جو آ وہ قدم پر گری
تو چونکی وہ شہزادی اور کچھ ڈری
پھر آخر جو دیکھا تو جوگن ہے یہ
مرے درد و غم کی بروگن ہے یہ
کہا میری نجم النسا تو ہے جان
اری تیرے صدقے مری مہربان
نہیں تیرے ملنے کی کب آس تھی
کہ جینے سے اپنے ہمیں یاس تھی
بہت اُن نے چاہا کہ ہووے کھڑی
کھڑی بھی ہوتے وہیں گر پڑی
کہا بار غم سے افاقت نہیں
اری کیا کروں مجھ میں طاقت نہیں
بلائیں لگی لینے نجم النسا
لگی گرد پھرنے برنگ صبا
اُسے شاہزادی کا تھا حال یاد
جو دیکھا تو پایا اُسے کچھ ہے زیاد
نہ گھر کی وہ رونق نہ اُسکا وہ حال
گلوں سے لگا دل تلک پائمال
پڑے سارے بے دہشت دیوار و در
محل کو جو دیکھا تو ٹوٹا سا گھر
خواصیں جو تھیں پاس وہ نازنیں
سو میلی کچیلی کہیں کی کہیں
نہ چوٹی نہ گندھی اور نہ کنگھی درست
جو چالاک تھی تنگی وہ بھی سست
ہر اک اپنے عالم میں دیکھو تو دنگ
اُڑا رنگ چہرے کا مثل پتنگ
نہ اُسکی چہلیں نہ وہ چہچہے
نہ گانا بجانا نہ وہ قہقہے
غم آلودہ ہر ایک زار و نزار
نہ آرام جی کو نہ دل کو قرار
جو بیٹھیں تو رونا جو اُٹھیں تو غم
غرض بیٹھتے اُٹھتے اُس پر ستم
چمن سارے ویران سے ہیں پڑے
شجر گل کے اک جھاڑ سے ہیں کھڑے
جو خود ہے تو حیران و بیمار سی
کہ جوں زرد شیشے کی ہو آرسی
نہ تاب و تواں اور نہ ہوش و حواس
ضعیف و نحیف و پریشاں اداس
یہ دیکھ اُسکا احوال نجم النسا
جلی شمع کیطرح آنسو بہا
ولیکن محل میں پڑی جب یہ دھوم
کیا مشتری وار اُس پر ہجوم
سنی ایک نے ایک سے یہ خبر
مبارک سلامت ہوئی گھر بگھر
کلی غنچے کیطرح کھلنے لگی
کوئی دوڑ کر اُس سے ملنے لگی
لگی کوئی صدقے کے لانے لگی
کوئی سر سے روٹی چھوانے لگی
کوئی آئی باہر سے گھر سے کوئی
ادھر سے کوئی اور اُدھر سے کوئی
حقیقت لگی پوچھنے آ کوئی
لگی کرنے آپس میں چرچا کوئی
ہوا اس پہ اُسکے زبس ازدحام
لگی کرنے گھبرا کے سب کو سلام
کہا سب کو کل کہونگی یہ حال
کہ اب راہ کی ماندگی ہے کمال
وہ انبوہ جب کچھ ہوا برطرف
تو پھر دیکھ نجم النسا کیطرف
کہا شاہزادی تو آتی نہیں
ادھر اپنی تشریف لاتی نہیں
چلو چل کے آرام ٹک کیجیے
کچھ اک مجھ سے کہنا ہے سن لیجیے
گئی جبکہ خلوت میں بدر منیر
کہا میں نے آئی ترا بے نظیر
یہ سن ایکدم تو وہ غش کر گئی
لگی تو کہ حیرت میں آ مر گئی
تعجب سے پوچھا کہ سچ سچ ہے یہ
دیا چھیڑنے کو مرے کچھ ہے یہ
کہا مجھکو سوگند اس جان کی
غلط کہنے والی میں قربان کی
نشاط و خوشی کی خبر یکبیک
نہیں منہ پہ کہہ بیٹھیے بے دھڑک
کہا کیونکہ لائی کہا اس طرح
وہ سب کہدیا حال تھا جسطرح
ترا قید سے کر چھڑا لائی ہوں
اور اک اور بندہ ہوا لائی ہوں
کہا پھر وہ دونوں کہاں ہیں کہا
درختوں میں انکو رکھا ہے چھپا
عجب وقت میں میں ہوئی تھی جدا
کہ دلبر کو تیرے دیا لا ملا
مگر ایک یہ پڑی بے بسی
کہ میں تیری خاطر بلا میں پھنسی
سو اب ایک کو تو نے آتی ہوں میں
ہوا دوسرے کو بتاتی ہوں میں
یہ سن شاہزادی ہنسی کھلکھلا
کہا کیوں ڈراتی ہے نجم النسا
اری ایک ہی تو بڑی قہر ہے
کہیں تو ہے امرت کہیں زہر ہے
چلی اب چوچلے بس زیادہ مگر
انھیں جا کے جلدی سے آ تو ادھر
کہا پھر پریزاد کے روبرو
بغیر از کسیکے رہے ہوگی تو
کہا وہ تو ایسا دوانہ نہیں
وہ اس بات کو کیا کہیگا نہیں
اگر دل میں کچھ تیرے وسواس ہے
نہیں دور وہ بھی ترے پاس ہے

ذرا پوچھیو تو اس بات کو
چھپائے ہوئے لا بٹھایا وہاں
کہا خیر ہے تجھکو رشک چمن
مرا یہ تو ہمدم ہے دن رات کا
مرے منہ سے ساقی لگا دے شراب
یہ سن سنکے باتیں وہ پردہ نشین
نظر سے نظر جو ملی ایک بار
نہ وہ رنگ اسکا نہ وہ اسکا حال
عجب صحبت آپس میں اسدم ہوئی
سرشک محبت بہانے لگے
وہ مجروح دل تھی جو بدر منیر
پڑی غم کی باتیں جو آ درمیان
رخ زرد پر اشک گلگون بہا
پھر آخر کو نجم النسا وہ شریر
مگر تیری خاطر یہ رویا ہے کم
یہ مردہ سا لائی ہوں میں اسلیے
لے آئی ہوں اسکو محبت کی دھن
بس اب کچھ خوشی کی کرو گفتگو
یہ سن ہنس پڑے سب وہ آپس میں مل
شب آدھی گئی جب تو خاصہ منگا
پھر آخر کو دو دو جدا ہو گئے
الگ ہو کے لیٹی جو وہ ماہرو
کہا شاہزادے نے احوال کل
یہ ہو نجا کوئی میرا فریاد رس
محبت نے چاشنی اور دی

کہ وہ روبرو اسکے ہلو یا نہو
وہ خلوت کا جو تھا قدیمی مکان
چھپے ہیں کہیں بھائی سے بھی بہن

یہ سنکر شتابی گئی وہ نگار
پھر اس سے یہ پوچھا کہ اے بینظیر
مرا جان و مال اور یہ قربان ہے

داستان بینظیر اور بدر منیر کے ملنے کی اور اسکے باپ کو بیاہ کا رقعہ لکھنے میں

چلی آئی واں ناز سے نازنین
کیے چشم نے لعل و گوہر نثار
تن زرد زرد اور رخ لال لال
کہ ایسی بھی صحبت بہت کم ہوئی
اس احوال پر حیف کھانے لگے
لگی کھینچنے اپنی آہوں کے تیر
یہ دی آہ کہ تا تک گئیں ہچکیاں
بہار و خزاں کو کیا ایک جا
لگی کہنے سننی ہے بدر منیر
کہ تو اور برو رو کے دیتی ہے غم
کہ دیکھے سے تیرے شتابی جیے
جیا ہے فقط تیرے ملنے کی سن
خدا پھر نہ تمکو رلائے کبھو
پڑیں جسطرح پھول گلشن میں کھل
تکلف سے ہر اک آگے دھرا
الگ خوابگاہ ہو میں جا سو گئے
ہوئی لیٹے لیٹے عجب گفتگو
کنوئیں میں جو گذرا تھا رنج و تعب
تڑپتا رہا دل برنگ جرس
کہ میرے تئیں جیتے جی گور دی

حیا سے پھر آکر جو بیٹھی وہ تب
ادھر چشم خونیں ادھر چشم نم
بہم وہ خزاں دیدہ گلزار سے
وہ نجم النسا اور وہ فیروز شاہ
ادر اکطرف کو شاہزادہ نڈھال
چھپا منہ کو اسطرف سے نازنین
غرض دیر تک ملکے روتے رہے
کلیجوں پہ جو داغ تھے بیشمار
کیا چاہتی ہے تو اب قہر کیا
ذرا تن میں آنے دے اسکے توان
دہاں میں ہے اسکی ہنسی کی دوا
اسے وصل کی اپنے دارو پلا
نہیں خوشنما پاس آئے ہوئے
بہم پھر تو ہونے لگے اختلاط
عجب چہل سے سب نے آپس میں مل
اٹھائے تھے جو جو کہ رنج و ملال
وہ گذرا ہوا یاد کر کرکے حال
کہ یوں میں اندھیر میں رو یا کیا
وہ تاریک خانہ مرا گھر رہا
زمین سے نکلنے کی کب آس تھی

لیا جا کے آہستہ انکو پکار
کہے تو چلی آئے بدر منیر
کہ اسکے سبب سے مری جان ہے
مجھے اس سے پردہ ہے کس بات کا
کہ ملتے ہیں باہم مہ و آفتاب
پھر آئے گئے اسکو ہوش و حواس
لیے اسکا غم اور اسے اسکا غم
ملے جیسے بیمار بیمار سے
حیا سے کیے اپنی نیچی نگاہ
لگا رونے آنکھوں پہ رکھکر رومال
لگی کرنے تر دامن و آستین
جدائی کے داغوں کو دھوتے رہے
سو آنکھوں سے انکی دکھائی بہار
زیادہ نہ لیں اپنی الفت جتا
ابھی اسکو رونے کی طاقت کہاں
کہ ہے خانہ یار دار الشفا
کسیطرح اس نیم جان کو جلا
رہیں دو جنے منہ چھپائے ہوئے
اچھلنے لگے دل سے عیش و نشاط
کیا نوش جب تمنائے دل
ہوے اس قدر میں وہ خواب و خیال
لگے رونے آنکھوں پہ دھر کر رومال
کنوئیں میں تن اپنا ڈبویا کیا
سدا میری چھاتی پہ پتھر رہا
فلک کے مجھے ہاتھ سے یاس تھی

عجب طرح سے زیست کرتا رہا
تری جان سے دور مرتا رہا

خدا ہی نے تجھ سے ملایا مجھے
اٹھا قبر سے پھر جلایا مجھے

دیا شاہزادی نے رو رو جواب
کہ میں نے بھی اک شب یہ دیکھا تھا خواب

ترے داغ کی دل میں جو بو گئی
میں اک رات روتی ہوئی سو گئی

کہ کیا دیکھتی ہوں کہ صحرا ہے اک
اور اس دشت میں ہیں کنواں سا ہے ایک

صدا وان سے آتی ہے بدر منیر
ادھر آکے یاں قید ہے بے نظیر

میں ہر چند چاہا کروں تجھ سے بات
نہ کی گئی وان تو کچھ مجھ سے بات

مرے جان گو اس طرف ڈھل گئی
اسی دم مری آنکھ پھر کھل گئی

عجب اُس گھڑی مجھ پہ گذرا قلق
کہ دل اور جگر ہوگیا میرا شق

اُسی دم سے یہ حال پہونچا مرا
کہ مرتی رہی نام لے لے ترا

نہ دیتا تھا گو کوئی تیری خبر
جو تھا تیرے غم سے دلکو اثر

گذرتا تھا وان تجھ پہ جو صبح و شام
وہ اندھیر تھا مجھ پہ روشن تمام

یہ کہتی ہیں کس سے یہ درد نہاں
شب و روز جلتی تھی میں شمع سان

عجب طرح سے زیست کرتی تھی میں
کہ اس زیست کرنے سے مرتی تھی میں

اسی غم میں بیتی تھی لیل و نہار
کہ کیونکر ملاوے گا پروردگار

مری شکل پر رو کے نجم النسا
گئی اس طرح حال اپنا بتا

پھر آئے تو معلوم ہے تم کو سب
کہ ہم تم ملے پھر اُسی کے سبب

یہ آپس میں کہہ حال دل روا دی
وہ کہنے کو سوئی تھی پیں سو اٹھی

جو ملتے ہیں بچھڑے ہوئے ایک جا
آنکھیں نیند یا تو نہیں آتی ہے کیا

پری زاد نجم النسا وان جاری
الگ اپنی باتوں میں مشغول تھی

کٹی رات حرف و حکایات میں
سحر ہوگئی بات کی بات میں

شب وصل کی جو سحر ہوگئی
تو سوتوں کو گویا خبر ہو گئی

چھپا ماہ نے اپنے منہ پر نقاب
اٹھا بستر خواب سے آفتاب

صبوحی کو اٹھتا ہو جیسے مدام
شراب شفق سے بھرا اپنا جام

لیے روز کو ساتھ آنے لگا
وہ سوتوں کو شب کے جگانے لگا

ہوا چشم وا جب وہ مژگان دراز
سپید و سیہ میں ہوا امتیاز

گیا عقدۂ صبح اُس دم جو کھل
نکل آئے ایدھر اودھر سے وہ گل

اٹھے جب کہ آ بیمین گلفام وہ
گئے باری باری سے حمام وہ

دوبارہ کیا سب نے اپنا سنگار
چمن میں نئے سر سے آئی بہار

وہ جوگن ہوئی تھی جو نجم النسا
جمی گرد وہ اپنے تن کی چھوڑا

نہا دھو کے نکلی عجب آن سے
کہ الماس نکلے ہے جوں کان سے

نہانے سے نکلا عجب اُس کا روپ
نکل آئے بدلی سے جس طرح دھوپ

لے آگ آسنے لگائی یہ اور
وہ پوشاک کی سرخ لائے کے طور

جلانے کو عاشق کے دکھلا گئیں
لیا سرخ لاہی کا جوڑا پہن

تمامی کی سنجاف اور سر لگا
طلائی کی طرح سے دیا گدگا

اسی رنگ کے ساتھ کا سب لباس
تصور میں ہو سرخ جیسے بیاض

جھمکتا سا تن اور مسی کی تک
کہ جوں شعلہ آتش سے اٹھے بھڑک

کہ لیلیٰ وہ اٹھتی ہوئی چھاتیاں
پھریں اپنے جوبن میں اٹھلاتیاں

گلے کی صفائی وہ کرتی کا چاک
کڑاتے کی انگیا کسی جھینک ٹھاک

وہ کنچن سی ودیمن پہ ال الاس
بھرے رنگ سے قمقمے کی مثال

ملاحت وہ کھنٹی کی اوس سے نمود
کہ جوں سرخ چہرے پہ خال کبود

کیے تو ہے اپنے منہ پر نقاب
شفق میں چھپا جوں ہے آفتاب

بنت گرد اُسکے یہ کیونکر کہوں
کہ وہ ان کو گھر دھر کھا کر گرے

وہ پاجامۂ سبز کمخواب اور
دوپٹہ بنارس کا سورج کے طور

جواہر سے اپنے موقع سے گل
ترشح میں ہو جیسے نو دیدہ گل

وہ کنگھی کھنچی اور وہ ابرو کھنچے
ہر اک آنکھیں اپنی ہر سو کھنچے

کچھوری وہ چوٹی زر کا موباف
کہ جوں دود کے بعد شعلہ ہو صاف

عروسانہ اوس نے کیا جو لباس
تو آنے لگی خو نکی اکھیں ناس

بنی جب کہ اس ناک و نقشہ سے حور
چلی آئی فیروز شہ کے حضور

پری زاد تو قتل ہی ہو گیا
کہے تو کوئی جان سے کھو گیا

حیا سے نہ کی بات نہ کچھ کہا — شادی سے قربان اسپر رہا
خوشی سے ہوئے بسکہ سرسبز دل — لگے سبز پان پینے آپس میں مل
چھپے عیش و عشرت و کرتے رہے — نہ غیروں کے چرچے سے ڈرتے رہے
یہ ٹھہرا کہ نکلے وہ دو ماہرو — کہ ہیہات کو پہنچے ایک سو
سہی ہو یہ تکلیف آرام کو — نیا کامیان ورنہ کس کام کو
جب آپس میں یہ مشورے ہو گئے — ادھر اور ادھر ملکے دو دو گئے
رہیں گھر میں پھر جا کے مان باپ کے — کہ دیکھینگے اب ہم قدم آپ کے
کرو اسباب سب سلطنت کا درست — پھر آئے اسی جا یہ چالاک و چست

وہ ین کمن کے آپس میں رہنے لگی — بہم راز دل اپنے کہنے لگی
ضیافت بہم ملکے کھانے لگی — وہ غم کھانے اور غم نکے کھانے لگی
اگرچہ ہر اک وصل سے شاد تھا — ولے ہجر کا غم انہیں یاد تھا
غضب ہے جو یوں ہیں دو بارہ رہیں — چھپے کب تلک آشکارا رہیں
نصیب اس طرح سے جو یاری کریں — عیان تھیں یونہی ہم خواستگاری کریں
وہ نجم النسا اور وہ بدر منیر — کچھ اک کہا یہ وہ دونوں شریر
گل منبظیر اور وہ فیروز شاہ — کسی شہر میں رہتی فوج و سپاہ
وہاں کا جو تھا شاہ انجم سپاہ — جسے لوگ کہتے تھے مسعود شاہ

نامہ بھیجنا منبظیر کا مسعود شاہ کو خواستگاری میں بدر منیر کے

کیا نامہ یون ایک سکو رقم — کہ اے شاہ شاہان و اے فخر جم
فریدون مثال و سکندر نژاد — مراد جہان و جہان مراد
جہان شجاعت زمان کرم — دل رستم و گرد حاتم ہمم
نوازش سے اپنی کرم کیجیے — غلامی میں اپنی مجھے لیجیے
جہان پر ہو روشن کہ میں شاہ ہون — ملکزادہ ابن ملک شاہ ہون
بیان سب کیا ماضی و حال کا — تجمل لکھا فوج و اموال کا
کہ جو ہووے برعکس شرع شریف — وہ ہو اپنے مذہب میں یا خاص حریف
گیا یہ جو مسعود شہ کو پیام — سنا اور پڑھا خط کا مضمون تمام
اگر جنگ ہو تو بڑی جنگ ہو — پھر آخر خدا جانے کیا رنگ ہو

ہیں ادھر ہوں یان اک ہم غریب — لے آئے ہیں مجکو مرے یان نصیب
ہمیشہ سے ہے راہ و رسم جہان — کہ وابستہ یونہیں ہیں کار جہان
ہر اک مجھسے وقف ہے برنا و پیر — کہ ہے نام بدر منیر بے نظیر
جتا کر بہت عجز اور انکسار — لکھا یہ بھی اک حرف آخر کی بار
اگر مانیے خیر تو مانیے — نہیں آپ یا ہمیں جانیے
سمجھ اسکا مضمون مسعود شاہ — کہ اتنی ہے فوج اور اتنی سپاہ
اور آخر یہی ہے زمانے کا حال — کہ پیوند ہوتے ہیں باہم نہال

جواب نامہ منبظیر کا ملک مسعود شاہ سے

نہ تازی یہ کچھ رسم پیوند ہے — ہمیشہ سے عالم برومند ہے
لکھا نامہ اسکے یہ اک جواب — کہ عاقل کو نکتہ لگے ہے کتاب
کہ نامہ تمہارا جو سربستہ تھا — وہ راز نہاں اپنے ہاتھوں کھلا
اگر ہم کبھی اپنے دعوے پہ آئیں — تمہارے فلک کو نہ خاطر میں لائیں
کسی پاس دولت یہ ہیتی نہیں — سراپا کاغذ کی بہتی نہیں
زبس ہمکو ہے پاس شرع رسول — سو اسواسطے کرتے ہیں ہم قبول
اک اچھی سی تاریخ ٹھہرائیے — دیا حکم ہمنے تمہیں آئیے
سنی جبکہ نامہ کی گفت و شنید — ہوئی شاہزادہ کو گویا کہ عید

لکھا بعد حمد و ثنائے خدا — پس از نعت احمد شہ انبیا
شریعت کے عالم میں مجبور ہیں — نہیں اپنے نزدیک ہم دور ہیں
ابھی گھر سے نکلے ہو لڑکوں کے طور — نہیں ننگ و دیر تمہیں اپنے طور
وے کیا کریں رسم دنیا ہے یہ — وگرنہ گھمنڈ آپکا کیا ہے یہ
خلاف پیمبر کسے رہ گزید — کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید
گیا ایلچی لیکے نامہ ادھر — اڑی ہر طرف یہ خوشی کی خبر
کشادہ ہوئے دل جو تھے غم سے تنگ — اسی دم ہوئینگے راگ و رنگ

ہوئیں ہر طرف سب کی آزاریاں
بلا سنگنیوں کو تبا سال و سن
کدھر ہے تو اے ساقی گلبدن
وہ اسباب شادی کا تیار ہو
محل سے نکل جب ہوا وہ سوار
وہ دولہا کے اُٹھتے ہی اک غل پڑا
لگا کہنے کوئی ادھر آئیو
کوئی پالکی میں چلا ہو سوار
سپاہ اور قبضے کمر سے کسے لگے
وہ شہنائیوں کی سہانی دھنیں
وہ ملبوں کا سجنا اور اُنکی صدا
ٹھٹھک کر وہ گھوڑوں کا چلنا سنبھل
دو رستہ جو روشن چراغاں ہوئے
چراغوں کی تر تو پے جا بجا
تماشائیوں کا جدا اک ہجوم
براتی اِدھر اور اُدھر جوق جوق
وہ آرائش اور گل کئی رنگ کے
دو رستہ برابر برابر وہ تخت
جہاں تک نظر آوے اُنکی قطار
اوڑایا ستاروں کو جو آگ نے
دھواں چھپ گیا نور ہیں نور تھا
زری پوش سرداد سب یکد گر
جب آئی وہ دولہن کے گھر برات
کھڑے بادلوں کے وہ خیمے بلند
بلوریں دھے شمعدان بے شمار

داستان منظیر اور بدر منیر کے بیاہ کی اور اُسکے تجمل میں

دھری آج اس شمع رو کی لگن
مکرر نہ پھر جسکی تکرار ہو
بجے شادیانے بہم ایکبار
لگا دیکھنے اُٹھکے چھوٹا بڑا
ارے رستہ شتابی مری لائیو
پیادوں کی رکھو اپنے آگے قطار
سواروں کے گھوڑے پھڑکنے لگے
جنھیں گوش زہرہ مفصل سنیں
یہ گانا کہ اچھا بنا لاڈلا
ہماکے وہ دونوں طرف مورچھل
پتنگے خوشی سے غزلخواں ہوئے
اور اُنمیں وہ بازاریوں کی صدا
پتنگے گریں جوں چراغاں پہ جھوم
وہ آوازہ قرنا وہ آواز بوق
وہ ہاتھی کہ وہ دیو تھے جنگ کے
کسی پر کنول اور کسی پر درخت
طلسمات کی سی ہوا پر بہار
تو ہاتھی لگے بن سے پھر بھاگنے
سیاہی اُڑی شب کی کافور ہو
پھریں برق کیطرح ادھر اُدھر
کہوں واں کے عالم کی کیا تجھ سے بات
کریں عالم نور جسکو پسند
چڑھیں موم کی تیلیاں چار چار

بلا مطربان خوش آواز کو
بڑی خواہشوں سے جب آیا وہ روز
آخر دن اُس تجمل کو کیونکر عیاں
کوئی دوڑ گھوڑوں کو لانے لگا
کسیلئے کسیکو پکارا کہیں
جو کثرت میں دیکھا کہ گاڑی نہیں
نکورے وہ نوبت کے اور اُنکے بعد
ہزاروں تمامی کے تخت رواں
وہ نوشہ کا گھوڑے پہ ہونا سوار
وہ فانوسیں آگے زمرد نگار
ہوا دن جو روشن چراغان سے
کوئی یاں نیچے کھلونے کوئی
کھڑکنا وہ نوبت کا باجوں کے ساتھ
وہ کانے پیادے وہ اُنکی نفیر
وہ ابرک کی ٹٹی و مینے کے جھاڑ
وہ رنگیں درخت اور شمع و چراغ
اناروں کا دغنا بھچھے کا زور
وہ مہتاب کا چھوٹنا بار بار
سراسر وہ ہر طرف مشعل کے جھاڑ
کہے تو کہ نزدیک اور دور سے
ہوا اُنکی صحبت کی رنگ بہشت
عجب مسند اک جگمگی اور فرش
نئے رنگ کے اور نئے طور کے

لگیں ہونے شادی کی تیاریاں
مقرر کیا نیک ساعت کا دن
کہ آویں پے اپنے سب ساز کو
چڑھا بیاہ میں وہ یہ شب فروز
کہ باہر ہے تقریر سے یہ بیان
کوئی ہاتھیوں کو بٹھانے لگا
نہ لانے پہ میانے تیلے مار کہیں
کوئی مانگے تانگے پہ بیٹھا کہیں
گرجنا وہ دھونسوں کا مانند رعد
اور اہل نشاط اونپہ جلوہ کناں
وہ موتی کا سہرا جواہر نگار
کہ ہو سیر متیا جنھوں پر نثار
پڑھے شعر نوری کے دیوان کے
کوئی دال موٹھ اور سلونے کوئی
گرجنا وہ دھونسوں کا ڈنکوں کے ساتھ
کہ تا چرخ پہونچے صدا انکی چیر
کہے تو کہ تنکے کی اوجھل پہاڑ
کھلے جسطرح لالۂ نو ز باغ
ستاروں کا چھٹنا پٹاخوں کا شور
ہر اک رنگ کی جس سے دونی بہار
کہ جیوں نور کے مشتعل ہوں پہاڑ
زمین و زماں بھر گیا نور سے
دہی ہر سے تخلخے گرد عنبر سرشت
تماشے کے عالم کا جو کور فرشت
دھر ہر طرف جھاڑ بلور کے

تماشا تھا لوگوں کی یہ کثرت تھی بس
وہ دولھا کا مسند پہ جا بیٹھنا
کروں راگ اور ناچ کا کیا بیان
وہ اُن کی تانیں اِدھر اور اُدھر
اولٹنا وہ ٹھوکر کو دینے تال
کبھی گت پھرنی جیا ذرتے
کھڑے ہوکے دو گھونٹ جھوتے لے
اولٹ آتیں اور پھر کچا جانک
دوپٹے کو سر پر اُلٹ اور سنبھل
اِدھر اور اُدھر رکھنے کاندھے پہ
کبھی ناچنا اور گانا کبھی
وہ شادی کی مجلس وہ گانیکا رنگ
وہ پیڑوں کے پتے پڑے ہر طرف
وہ گھر نیسی شادی مبارک وہ دہ
گلے میں پہننا وہ ہنس ہنس کے ہار
قہاتی ہنسی شور دغل کا بیان

لے ایک سے ایک سب بیٹھیں ہیں
برابر فیقوں کا آ بیٹھنا
قدیمی کیسوقت کا سامان
بلے سُر طبوروں کے با کید گر
وہ بوٹا سا قد اور کھڑی کی چال
کہ تیورا کے عاشق گرے شوق سے
چبایان اور رنگت ہو منھ پہ دے
نئے سر سے آیا کو کر ہٹک ٹھاک
یکایک وہ صف چیر آنا نکل
چلی ناچتی آنا سنگت کے ساتھ
رجھانا کبھی اور بنانا کبھی
وہ جی کی خوشی اور وہ دل کی ترنگ
غم دل جسے دیکھ ہو برطرف
وہ بھولے سلونے وہ میٹھے سے بول
لٹا سست وہ بھولونکی چھڑیونکا
سہانی سہانی نئی کا بیان

دو زانو زری پوش بیٹھے تمام
طلو النف کا اُٹھنا آن انداز سے
وہ ارباب عشرت کا آپس میں مل
اور اُس صف سے اک چھوکری کا نکل
کبھی پریتلو نکی دکھانی ادا
ادھر کی تو یہ گت اور اسکا یہ بھاؤ
انگوٹھے کی لے سامنے آرسی
بنا کنگھی اور کرکے ابرو درست
پکڑ کان اور گھنگرون کی اُٹھا
فتح چند کے ہاتھ کی مور ایک
خوش آوازیوں سے وہ گانا خیال
وہ پھولونکے گہنے کناریکے ہار
ادھر کا تو یہ رنگ تھا اور سرا
اُترنیکی وان سمدھنونکی پھبن
دکھانا وہ بن بن کے اپنا بناؤ
غرض کیا لکھوں تاب مجھمیں نہیں

شراب خوشی کے کیے نوش جام
دکھانا وہ آصورتیں ناز سے
جمانا گھرگ راگ کا ریتے دل
جتانا ہنر اپنا پہلے پہل
کہ جوں لوٹ کر سحلی ہوے ہوا
ادھر اوٹ میں نایکہ کا بنا
وہ صورت کو دیکھ اپنی گلزار سی
جھمکڑے میں او رہونے چالاک و چست
پہن پائونمیں ابنے سر سے چھوا
بجاتی ہوئی چاندی صورایک
دکھانا ہنر اک دم میں اپنا کمال
وہ اُٹھتی ہوئی رنڈیونکی قطار
محل میں اُدھر توریان اور سہاگ
کھلیں پھول جیسے چمن در چمن
وہ آپس کی رسمیں وہ آپسکے چاؤ
نہ دیکھے تھا عالم کوئی یہ کہیں

داستان نکاح ہونا بینظیر کا ساتھ بدر منیر کے اور شادی نجم النساکی پری زادے اور رخصت ہونا آپس میں

جھکایوں نشے میں بہت ساقیا
ہوا جب نکاح اور بٹے ہار پان
چلا یوں وہ دولھا دولھن کی طرف
ہوا لیکن اُسوقت دونا مزا
ملا سرخ جوڑے پہ عطر سہاگ
نتھا وصل اسطرح کا دھیان میں
وہ جلوہ کا ہونا وہ شادی کی دھوم
سہاگا گئی کان کو کوئی لگا

نہ مجھے بدابے کے شربت پلا
پلا اسکو شربت دیے ہار پان
اُڑے جیسے بلبل چمن کی طرف
کہ دولھا دولھن جب ہوئے یکجا
کھلے ملکے آپس میں دونونکے بھاگ
خدا نے کیا آن کی آن میں
وہ آپس میں دولھا دولھن کی رسوم
گئی کوئی دولھن کی جوتی چھپا

کسی پر نہ ایسا ہو جو یا رہوں
اُٹھا پھر تو نوشاہ بعد از نکاح
وہاں تک پہونچے ہو گیا کہوں
عروسی وہ گہنا وہ سوہا لباس
دکھا مصحف اور آرسی کو نکال
عجب قدرت حق نمایاں ہوئی
کسی نے لیسائی سر پہ آنکر
وہ شیرین جو میٹھی تھی شیرینی

کہ پھر ہیں گلے کا ترے ہار ہوں
محل میں بلائی ٹھہری صلاح
ہوئی دل لگی لاکھ پھر کیونکر
وہ مہندی سہانی وہ پھولونکی باس
دھر بیچ میں سر پہ آنچل کو ڈال
جسے آرسی دیکھ حیران ہوئی
کوئی کالیاں دیگئی جانکر
نبات اسکی چھنی بنے کو بنی

چھپائی نہ بات اُسکو بس گھات سے
کہ دیکھا دیا ہر گھڑی بات سے

زبس لانو تھا اسکا ہر جا پسند
سبھی جا کے اُسنے چنی کر پسند

اُٹھائی ڈلی اُسکی آنکھوں سے یون
اگرین نقش بادام شیرین جیون

ڈلی وہ جو ہو مونھوں کی تھی لب ملی
وہ مصری کی منھ سے اُٹھائی ڈلی

اگر سے اُٹھائی ڈلی اس طرح
کہ ہان ہون نہین کی نہین جسطرح

ڈرا یا نمک پر کے اُٹھانے اوڑا
نہین اور ہان کا عجب غل پڑا

بظاہر کی تکرار بھی بار بار
وگرنہ دل اس پانو پر تھا نثار

عجب طرح کی رنگ رلیان ہوئین
کہ باتین وہ مصری کی ڈلیان ہوئین

وہ سب ہو چکی جبکہ رسم و رسوم
سواری کی ہونے لگی پھر تو دھوم

سحر کا وہ ہونا و ٹونیکا وقت
وہ دولھن کی رخصت وہ رونیکا وقت

کھڑے سب کا لاچار منھ دیکھنا
کہ یارب یہ کیا ہو جہان بیٹھنا

وہ دولھن کا رو رو کے ہونا جدا
وہ مان باپ کا اور رونا جدا

گلے تو وہ جانا محل سے جہیز
کہ جون چشم سے اشک ہو موج خیز

یہان عبرت ہے اہل عرفان کو
کہ جانا ہے اکدن یونہین جان کو

وہ جو دردمندی کے ہین آشنا
وہ شادی کا لیتے ہین غمسے مزا

وہ دولھا نے دولھن کو گود مین لا
بٹھایا محافے مین آخر کو لا

چلے لیکے چنڈول جس دم کہار
کیا وہ طرف سے زر اُسپر نثار

کھڑے تھے جو وان چشم کو تر کیے
سو موتی انھون نے نچھاور کیے

ادھر اور اُدھر اپنے سہر یکو چیر
ہوا کب چاند سا منھ دکھا بے نظیر

سوار اپنے گھوڑے پہ ہو کر شتاب
کہ جون صبح ہووے بلند آفتاب

دکھاتا ہوا حشمت و عظم و شان
لیے ساتھ ساتھ اپنے نوبت نشان

وہ سمجھے تو چنڈول مین پشک ماہ
اور آگے وہ خورشید عالم پناہ

پھر اگھر کو اپنے قدم با قدم
سواری لگا گھر مین اُترے صنم

غرض اسطرح جب وہ دولھن کو بیاہ
لے آیا جہان اسکی تھی عیش گاہ

ہوئی وہ جو ہوتی ہر رسم و رسوم
اگر ظاہر مین تھی یہ بھی درکار دھوم

اُٹھایا اُسی دھوم مین لگتے ہاتھ
پریزاد کا بیاہ جو تھی کے ساتھ

وہ نجم النسا تھی جو دخت وزیر
گیا اسکے والد کنے بے نظیر

کہا باپ کو اسکے اے خیر خواہ
مرا بھائی ہے ایک فیروز شاہ

سو مین تجھسے رکھتا ہون اک التجا
کہ تو اسکو فرزندی مین اپنی لا

غرض ہر طرح کر رضا مند سے
کیا حال بر اپنے پابند اُسے

پریزاد تھا وہ جو فیروز شاہ
دیا اسکو نجم النسا سے بیاہ

اُسی دھوم سے اور اُسی فوج سے
اُسی شان سے اور اُسی اوج سے

وہی سب تجمل وہی سب رسوم
ہوئی تھی جو کچھ بیاہ مین اسکے دھوم

دقیقہ نچھوڑا کسی بات مین
برابر رہی کچھ وزرات مین

اسی طرح اسکو بیاہا غرض
جو کچھ قول تھا سو نباہا غرض

خدا راست لایا انھونکے جو کام
بر آئے دلونکے مطالب تمام

ہوئین متصل یہ جو دو شادیان
بسین ایک جا جا کے آبادیان

پھرے دل تو اپنے وطن کو پھرے
وہ آشفتہ بلبل چمن کو پھرے

خوشی سے لیے حرمت و جان و مال
چلے شہر کو اپنے وہ خوشحال

وہ نجم النسا اور فیروز شاہ
گلک سے یہ ہو مثل خورشید و ماہ

رضا انسے لیکر اُسی آن مین
گئے شاد و خرم پرستان مین

یہ اقرار چلتے ہوے کر گئے
کہ گو تم اُدھر اور ہم ادھر ہو گئے

تم اس غمسے بیت ہو جو سینہ ریش
کہ ہم تم سے ملتے رہینگے ہمیش

تسلی وہ دیکر ادھر کو چلے
یہ اِدھر لیے اپنا لشکر چلے

داستان بےنظیر کی بدر منیر کو اپنے وطن لیجانے اور مان باپ سے ملاقات کرنے مین

پلا ساقیا آخری ایک جام
کہ ہوتی ہے اب یہ کہانی تمام

وہ شہزادے دیکھے تھے جو اس شہر کے
گیا پاس جا خیمہ اک نہر کے

کیا جبکہ خلقت نے تفتیش حال
اور انکو نے دیکھا جو بدر کمال

پڑا شہر مین ایک بیک پھر یہ غل
کہ تھا غائب ہوا تھا سو آیا وہ گل

خبر یہ ہوئی جبکہ ماں باپ کو — کہا گم انھوں نے وہیں آپ کو
لگے رونے آپس میں زار و نزار — کہا ہائے ہمکو نہیں اعتبار
یہ ہوگا کوئی دشمن ملک و مال — سو میں آپ ہی ہوں گرفتار حال
کہا سب نے صاحب چلو تو سہی — یہ بیٹا تمہارا وُہی ہے وہی
وہ آتا تھا جیسے کہ بیٹا اُدھر — پڑی باپ پر جونکا یک نظر
ز بس دل تو تھا پاس ہی جا پڑا — یہ سن ہاتھ اور پانو گئے تھرتھرا
ملا دینگے ہمسے ہمارا حبیب — یہ دشمن ہیں اپنے ایسے نصیب
کوئی اسکا وارث تو آخر نہیں — وُہی لیکے جاوے یہ جھگڑا نہیں
مگر یہ سنا جبکہ بیٹے کا نانوں — چلا پھر تو روتا ہوا ننگے پانوں
جو ہیں اپنے کعبہ کو دیکھا وہاں — چلا سر کے بل بینظیر جہان

تصویر بینظیر کی باپ کے قدم پر گرنیکی



اٹھا سر قدم پر سے چھاتی لگا — لپٹ کے گھڑی دو تلک خوب سا
ملے پھر تو آپس میں وہ خوب سے — کہ یوسف ملے جیسے یعقوب سے
ہوئے شاد و خرم صغیر و کبیر — چلے لیکے نذریں امیر و وزیر
بڑی دھوم سے اور بڑی آن سے — بجاتے ہوئے نوبتیں شان سے
زنانی سواری اُترواکے ساتھ — پکڑ اس گل نوشگفتہ کا ہاتھ
کہ اتنے میں آگے نظر جو پڑی — تو دیکھا کہ ہے راہ میں ماں کھڑی
یہ رویا یہ رویا کہ غش کر چلا — لگے تو کہ آنسو کا لشکر چلا
وہ گل گل شگفتہ ہوا گل کی طرح — یہ گل کی طرح اور وہ بلبل کی طرح
لگے عیش سے سبکو مستی ہوئی — نئے سر سے آباد بستی ہوئی
وہ پھولا جو تھا ہجر کے داغ میں — ہوئے جاکے داخل سبھی باغ میں
در آمد ہوا گھر میں سرو رواں — لیے ساتھ اپنے وہ غنچہ دہاں
ابھی چشم سے آنسوؤں کی قطار — گرا ماں کے پانو پہ بے اختیار

وہ ماں خوب بیٹے کے گلے لگ گئے
یہ روئی کہ آنسو کے نالے چلے
بہو اور بیٹے کو چھاتی لگا
وہ دونوں کی دونوں ہاتھوں بلا
ہوئی جان اور جی سے اُس پر نثار
پیا پانی اور ان دونوں پر وار وار
جگر پر جو تھے درد اور غم کے داغ
بجھے وصل سے ہجر کے وہ چراغ
سب آپس میں ہنسنے لگے مل ملا
پھر آئے چمن میں وہ گل کھلکھلا
وہ آنکھیں جو اندھی تھیں روشن ہوئیں
زمینیں جو تھیں تنک گلشن ہوئیں
زبس باپ ماں کو تھی سہرے کی چاہ
دوبارہ اُنھوں نے کیا اُنکا بیاہ
کہوں گر میں اُس بیاہ کی دھوم دھام
تو پھر یہ کہانی نہ ہووے تمام
بنا اُنکی تقدیر کا جو بناؤ
نکالے اُنھوں نے یہ سب نکے چاؤ
وہ جیسی کہ اس باغ میں تھی خزاں
بسے آ کے پھر اس میں سب گلرخاں
محل میں عجائب ہوئے چہچہے
وہ مرجھائے گل پھر ہوئے لہلہے
ہوا شہر پر فضل پروردگار
وہی شاہزادہ وہی شہریار
وہی لوگ اور وہ ہی چرچے تمام
وہی ناز و انداز کے اپنے کام
وہی بلبلیں اور وہی بوستاں
شگفتہ گل و مجمع دوستاں
اُنھوں کے جہاں میں پھرے جیسے دن
ہمارے تمہارے پھریں ویسے دن
ملیں سب کے بچھڑے الٰہی تمام
بحق محمد علیہ السلام
ہوئے جیسے وہ شاد ہوویں شاد ہم
رہیں شہر میں اپنے آباد ہم
رہے شاد نواب عالیجناب
کہ ہے آصف الدولہ جسکا خطاب
خوشی اُسکی ہو سرو باغ مراد
رہے روشن اسکا چراغ مراد
بحق حسین اور بحق حسن
رہوں شاد میں بھی غلام حسن
ذرا منصفو داد کی ہے یہ جا
کہ دریا سخن کا دیا ہے بہا
زبس عمر کی اس کہانی میں صرف
تب ایسے یہ نکلے ہیں موتی سے حرف
جوانی میں جب ہوگیا ہوں میں پیر
تب ایسے ہوئے ہیں سخن بے نظیر
نہیں مثنوی ہے یہ اک پھلجھڑی
مسلسل ہے موتی کی گویا لڑی
نئی طرز ہے اور نئی ہے زباں
نہیں مثنوی ہے یہ سحر البیاں
رہیگا جہاں میں مرا اس سے نام
کہ ہے یادگار جہاں یہ کلام
ہر اک بات پر دل کو میں خوں کیا
تب اس طرح رنگیں یہ مضموں کیا
اگر واقعی غور ٹک کیجیے
صلہ اسکا کم ہے جو کچھ دیجیے
غرض جسنے اسکو سنا یہ کہا
حسن آفریں مرحبا مرحبا
جو منصف سنینگے کہینگے یہی
نہ ایسی ہوئی ہے نہ ہوگی کبھی
مرے ایک مشفق ہیں مرزا قتیل
کہ ہیں شاہرہ سخن کے دلیل
سنی مثنوی جب یہ مجھسے تمام
دیا اسکی تاریخ کو انتظام
زبس شعر کہتے ہیں وہ فارسی
ہر اک شعر اُنکا ہے جوں آرسی
اُنھوں نے شتابی اُٹھا کر قلم
یہ تاریخ کی فارسی میں رقم

تاریخ طبعزاد مرزا قتیل

بہ تفتیش تاریخ این مثنوی
کہ گفتش حسن شاعر دہلوی
زدم غوطہ در بحر فکر رسا
کہ آرم بکف گوہر مدعا
بگوشم ز ہاتف رسید این ندا
برین مثنوی باد ہر دل خدا
۱۱۹۹ ھ

تاریخ طبعزاد مصحفی

میاں مصحفی کو جو بھایا یہ طور
اُنھوں نے بھی کی فکر از راہ غور
کہی ہیگی تاریخ یوں برمحل
یہ بتخانۂ چین ہے بے بدل
۱۱۹۹ ھ

تاریخ فخر الدین ماہر کی

سنی جبکہ ماہر نے یہ مثنوی
تو محظوظ ہو فکر تاریخ کی
یہ مصرع پڑھا وہیں پا کر طرح
ہے اس مثنوی کی نیا در طرح

آغاز حال مصنف

آب و رنگ گلستان سخن میر حسن طبقہ سادات عظام سے اور تحصیل علم اور فن شعر کی اُسکے خاندان مین قدیم الایام سے ہے چنانچہ مقبول الکونین میر غلام حسین ضاحک الداس بزرگوار نے عربی مین شرح ملا تک اور فارسی مین استعداد تمام بہم پہنچائی تھی اور شعر فارسی اور ہندی اور ظرافت طبعی مین بھی کہ تخلص سے ظاہر ہے اُسے کمال رسائی تھی چنانچہ یہ رباعی فارسی نمایش شاہد استعداد اُس اوستاد کے لیے آئینہ ہے رباعی

فریاد و دلا کہ غمگساران رفتند | آسمین بدنان و گلعذاران رفتند
چون بوی گل آمدند و برباد شدند | در خاک چو قطرہای باران رفتند

اور دادا نے اُسکے بھی بامداد الٰہی علاوہ حاجی ہونیکے فضیلت مین خوب داد دی اور اجداد اور امجاد اس اُستاد نے انقلاب زمانہ اور مقتضاے آب و دانہ سے ملک ہرات مسکن قدیم اپنا چھوڑ کر پرانی دہلی مین بود و باش اختیار کی چنانچہ مصنف اُسی دہلی مین پیدا ہوا اور عہد طفلی سے شعر گوئی پر شیدا ہوا پہلے شاہجہان آباد مین مصلح غزل کے میر درد صاحب تھے اور آخر مین بعد بربادی سلطنت اس شہر کے کہ مصنف مع والد بزرگوار فیض آباد مین آکر آباد ہوا میرزا ضیاء الدین ضیا اصلاح دیتے تھے کبھی میرزا رفیع السودا سے بھی کہ ضیا اُنکے ہم مشق تھے شورہ کا اتفاق ہوا پھر تو رفتہ رفتہ غزل اور قصیدہ اور مثنوی بلکہ تمام اقسام سخنوری مین شہرۂ آفاق ہوا قصہ صلہ مثنوی کا کہ نواب آصف الدولہ مرحوم نے ایک دوشالہ ملبوس خاص عنایت فرمایا تھا نزدیک و دور مشہور ہے سبحان اللہ ایسا اگر کرم بار کرے سرسبزی نخل امید سے نہال نہ ہونا فقط قسمت کا قصور ہے المختصر عہد آصفی مین اُس سلیمان اقالیم سخندانی نے بیچ غرہ محرم سنہ ۱۲۰۱ ہجری کے سراے فانی سے رستہ ملک جاودانی کا لیا اور اُس گنج معانی کو عقب باغ نواب قاسم علیخان بہادر واقع محلہ مفتی گنج من محلات بیت السلطنت لکھنؤ مین مدفون کیا والحمد للہ العزیز الملک العلام والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد و آلہ الکرام و اصحابہ العظام

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ کہ یہ مثنوی سحر البیان معروف بہ مثنوی میر حسن جسکو سرگروہ شعراے زمن میر حسن دہلوی مرحوم نے زمانہ نواب آصف الدولہ بہادر مین قصہ بدر منیر کو تصنیف فرماکر پیشکش کیا کہ آج تک کوئی مثنوی اُردو مین اس خوبی و لطافت کے ساتھ تصنیف نہین ہوئی یہ مثنوی بہت مطابع ہندوستان مین طبع ہو چکی اور اس مطبع مین بھی بارہا چھپی چند مرتبہ سے حسب اصرار شائقین ہر ایک موقع و محل فسانہ مین تصاویر قائم کیگئین اب یہ مثنوی پھر با ہزاران حسن و خوبی مطبع منشی نول کشور واقع لکھنؤ مین حسب ایماے منشی بشن نراین صاحب مالک مطبع بماہ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء بار دوازدہم چھپکر نذر شائقین ہوئی

بعوض صناع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و آسمان

مثنوی میر حسن با تصویر



مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں بتحسین نفاست چھپی

(باہتمام بابو بسیسرداس منیجر سپرنٹنڈنٹ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کروں پہلے توحید یزداں رقم — جھکا جسکے سجدے کو اول قلم
سر لوح پر رکھ بیاض جبین — کہا دوسرا کوئی الجھا نہین

قلم سے شہادت کی انگلی اٹھا — ہوا حرف زن یون کہ رب العلا
نہین تیرا کوئی نہوگا شریک — تری ذات ہے وحدہ لا شریک

پرستش کے قابل ہے تو اے کریم — کہ ہے ذات تیری غفور رحیم
رہ حمد مین تیری عز و جل — تجھے سجدہ کرتا چلون سر کے بل

وہ الحق کہ ایسا ہی معبود ہے — قلم جو لکھے اس سے افزود ہے
سبھونکا وہی دین و ایمان ہے — یہ ہین دل تمام اور وہی جان ہے

ترو تازہ ہے اس سے گلزار خلق — وہ ابر کرم ہے ہوادار خلق
اگرچہ وہ بیفکر و غیور ہے — دے پرورش سبکی منظور ہے

کسی سے نہ بر آوے کچھ کام جان — جو وہ مہربان ہے تو کل مہربان
اگرچہ یہان کیا ہے اور کیا نہین — ہر اک تن مین تو ہے کوئی کسیکا نہین

موے پر نہین اوس سے رفت و گذشت — اسکی طرف سبکی ہے بازگشت
رہا کون اور کسکی بابت رہی — موا اور جیلے وہی ہے وہی

نہان سب مین اور سب مین آشکار — یہ سب اسکے عالم ہین ہژدہ ہزار
وہی سب مین اوس سے وہ ہے سب سے بری — ہمیشہ سے ہے اور رہیگا ہمیش

چمن مین ہین وحدت کے یکتا وہ گل — کہ مشتاق ہین جسکے یان جزو کل
اسی سے ہے کعبہ اسی کا کنشت — اسیکا ہے دوزخ اسیکا بہشت

جسے چاہے جنت مین دیوے مقام — جسے چاہے دوزخ مین رکھے مدام
وہ ہے مالک ملک دنیا و دین — ہے قبضے مین اسکے زمان و زمین

سدا ہے نمود و نمائش سے نمود — دل اسکا لگا ہے اس سے گشود
اسکی نظر سے ہے ہم سبکی دید — اوسکے سخن پر ہے گفت و شنید

وہی نور ہے سب طرف جلوہ گر — اسی کے یہ ذرے ہین شمس و قمر
نہین اس سے خالی غرض کوئی شی — وہ کچھ شی نہین پر ہر اک شی مین ہے

نہ گوہر مین وہ ہے نہ ہے سنگ مین — ولیکن چمکتا ہے ہر رنگ مین
وہ ظاہر مین ہر چند ظاہر نہین — یہ ظاہر کوئی اس سے باہر نہین

تامل سے سمجھے اگر غور کچھ — تو سب کچھ یہی ہے نہین اور کچھ
اوسی گل کی ہے بو سے خوشبو گلاب — بھرے ہے لئے ساتھ دریا حباب

پر اوس جوش مین آکے بہتا نہین — سمجھنے کی ہے بات کہتا نہین
قلم گو زبان لاوے اپنی ہزار — لکھے کسطرح حمد پروردگار

کہ عاجز ہیں یاں انبیا کی زبان
وہ معبود یکتا خداے جہان

پیمبر کو بھیجا ہمارے لیے
دکھائی اُنھوں نے ہمیں راہ راست

سو وہ کونسی راہ شرع نبیؐ
نبی کون یعنی رسولؐ کریم

بغیر از لکھے اور کہے بی رقم
اوٹھا کفر اسلام ظاہر کیا

نبوت جو کی حق نے اُس پر تمام
کہوں اُسکے رتبہ کا کیا میں بیان

خلیلؑ اُسکے گلزار کا باغبان
محمدؐ کے مانند جگ میں نہیں

نہونیکے سایہ کا تھا یہ سبب
بنا سایہ اُسکا لطیف اسقدر

خوش آیا نہ سایہ کو ہونا جدا
وہ ہوتا زمین گیر کیا فرش پر

جہانتک کہ تھے یلنکے اہل نظر
سیاہی کی تیلی کا ہی یہ سبب

نظر سے جو غائب وہ سایہ ہا
نہیں ہمسر اوسکا کوئی جز علیؑ

جہان فیض سے اُنکے ہی کامیاب
دیا را امامت نے گلشن کا گل

علیؑ بندۂ خاص درگاہ حق
کہے یوں جو چاہے کوئی جبر سے

یہان بات کی اب سمائی نہیں

زبان قلم کو یہ قدرت کہاں
کہ جسنے کیا کن میں کون و مکان

وصی اور امام اُسنے پیدا کیے
اس عہدے سے کوئی نکلا نہیں

دیا عقل و ادراک اُسنے ہمیں
جہانکو اُنھوں نے دیا انتظام

نعت حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

نبوت کے دریا کا دُرِّ یتیم
چلے حکم پر اُسکے لوح و قلم

نبوتکو خدائی سے باہر کیا
لکھا اشرف الناس خیر الانام

کھڑے ہوں جہاں پاندھ صف مرسلین
سلیمانؑ سے کئی مہر دار اُسکے دان

ہوا ہی نہ ایسا نہ ہوگا کہیں
ہوا صرف پوشش میں کعبہ کی سب

نہ آیا لطافت کے باعث نظر
اُسی نور حق کے رہا زیر پا

قدم اُسکے سایہ کا تھا عرش پر
سمجھ مایۂ نور کحل البصر

وہی سایہ پھرتا ہی آنکھوں میں اب
ہوا گو کہ ظاہر میں امی لقب

ہوا علم دین اُسکا جو آشکار
کیا حق نے نبیوں کا سردار اسے

بنایا سمجھ بوجھ کر خوب اسے
مسیحؑ اُسکے خرگاہ کا بارہ دو

خضرؑ اسکی سرکار کا آبدار
یہ تھی رمز جو اوسکا سایا نتھا

وہ قد اسلیے تھا نہ سایہ فگن
عجب کیا جو اس گل کے سایہ نہو

نہ ڈالی کسی شخص پر اپنی چھاؤں
نہونیکی سایہ کے اک وجہ اور

سبھوں نے لیا تیلیوں پر اُٹھا
وگرنہ یہ تھی چشم اپنی کہاں

منقبت حضرت امیر المومنین علیہ السلام

کہ بھائی کا بھائی وصی کا وصی
نبیؐ آفتاب و علیؑ ماہتاب

بہار ولایت کا باغ سبل
علیؑ سالک رہبر راہ حق

یہ نسبت علیؑ کو نہیں غیر سے
نبیؐ اور علیؑ میں جدائی نہیں ہرگز

ہوئی جو نبوت نبی پر تمام
علیؑ دین و دنیا کا سردار ہی

علیؑ رازدار خدا و نبیؐ
علیؑ و ولی ابن عم رسولؐ

خدا نفس پیغمبرش خوانده است
نبیؐ اور علیؑ ہر دو نسبت ہم

سوا عجز درپیش یاں کچھ نہیں
کیا خاک سے پاک تجھ سے نہیں

بُرائی بھلائی سوجھائی تمام
کہ تا ہو نہ اُس راہ کی بازخواست

کہ رستے کو جنت کے سیدھی تھی
یہ علم لدنی کھلا دیے سب

گذشتہ ہوے حکم تقویم پار
بنایا نبوت کا حقدار اسے

خدا نے کیا اپنا محبوب اسے
تجلی طور اوسکی مشعل فروز

زرہ ساز داؤدؑ و اُن ہزار
کہ رنگ دوئی وانتک آیا نتھا

کہ تھا گل وہ اک معجزہ کا بدن
کہ تھا وہ گل قدرت حق کی بو

کسیکا نہ منہ دیکھا دیکھ اوسکی پاؤں
مجھے خوب سوجھی یہ ہی شرط غور

زمین پر نہ سایہ کو گرنے دیا
اوسی سے یہ روشن ہی سارا جہان

ملائک کے دل میں سمایا رہا
ہوئی نعمت اوسکے وصی پر تمام

کہ مختار کے گھر کا مختار ہی
خبردار سر خفی و جلی

لقب شاہ مردان و زوج بتولؑ
دگر را فضیلت بکس نا بدست

دو تا و یکے چون زبان و قلم

علی کا عدو دوزخی دوزخی
علی کا محب جنتی جنتی

